© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## نقشِ آغاز

اقتدار کے سب سے بڑے ایوان سینٹ میں

# شریعت بل کا مقدمہ

جسے

محرک شریعت بل مولانا سمیع الحق نے پیش کیا

شریعت بل پر سینٹ میں ایک عرصہ تک عام بحث جاری رہی ۱۵ ؍ فروری کی شام کو سینٹ میں شریعت بل کے محرک مولانا سمیع الحق نے بحث کی وائنڈ اپ کرتے ہوئے جوابی افتتاحی تقریر شروع کی کہ آدھ گھنٹہ تقریر کے بعد اجلاس ملتوی ہوگیا اس کے بعد مورخہ ۵ ؍ اپریل کے اجلاس میں اپنی تقریر کو مکمل فرمایا جو دو گھنٹے جاری رہی۔ شریعت بل کی اہمیت اس کی نظریاتی و اساسی حیثیت تمام طبقوں کے حقوق کا تحفظ و جامعیت، اسکی فوری منظوری و نفاذ کی ضرورت، ارباب اقتدار ارکان پارلیمنٹ اور لادین سیاست دانوں کو انتباہ و اتمام حجت، قومی رہنماؤں اور عامۃ المسلمین کی ذمہ داری و احساس مسئولیت، ملت اسلامیہ کا واضح موقف اور جمہوری مطالبہ، حکومت کا منافقانہ اور شرمناک کردار اور قومی ضرورت و ملکی استحکام کے دیگر کئی ایک اہم مباحث بھی اس میں آگئے ہیں۔ پارلیمنٹ میں مولانا سمیع الحق صاحب کی ڈھائی گھنٹوں کی یہ تاریخی تقریر نفاذ شریعت کی جدوجہد میں قافلہ ولی اللہی کے مساعی کا تسلسل اور برصغیر کی پارلیمانی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ہے۔ افادۂ عام کے پیش نظر سینٹ سیکرٹریٹ کی رپورٹ سے نقل کرکے نذر قارئین ہے۔ (ادارہ)

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم۔ قال اللہ تعالیٰ

ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ۔

جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس اہم ترین بل پر اظہار خیال کا موقع دیا۔ یہ ایک تاریخی بل ہے اور اس کی اہمیت اس بات سے واضح ہو رہی ہے کہ پچھلے تقریباً ڈیڑھ سال سے ایوان کے معزز اور فاضل ارکان اس کے حسن و قبح پر اس کی تردید و حمایت یا مخالفت میں اظہار خیال کرتے چلے آرہے ہیں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ کافی حد تک ارکان نے اس کی اہمیت اور نزاکت کو محسوس کیا۔ اور موضوع کا جو احترام تھا اس کو بھی ملحوظ رکھا۔ اگرچہ بعض حضرات جوش خطابت میں یا احساس کی کمی کی وجہ سے اس موضوع پر احتیاط کا وہ دامن نہ تھام سکے جو اس کا متقاضی تھا۔ یہ موضوع مذہبی اور ایمانی لحاظ سے نہ صرف دنیوی لحاظ سے بلکہ اخروی لحاظ سے بھی بہت دور رس نتائج کا حامل ہے۔ اور اس کے اثرات دنیا میں بھی مرتب ہوں گے اور عالم آخرت میں بھی۔ ایسے حساس موضوع پر احتیاط کا دامن چھوٹنا بہت خطرے کی بات ہے۔ اس ملک کے ایک عظیم خطیب سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کے بارے میں سنا ہے کہ انہیں ڈیرہ اسمٰعیل خان میں سیرت کے ایک جلسے میں تقریر کے لیے بلایا گیا تھا۔ تو انہوں نے تقریر کے آغاز میں کہا۔ کہ میں ہر موضوع پر تقریریں کرتا رہتا ہوں اور کی ہیں۔ لیکن آج کا موضوع میرے لئے انتہائی نازک اور مشکل موضوع ہے کیونکہ اس کا سیرت طیبہ سے تعلق ہے۔ اگر میں نے کسی سیاسی موضوع پر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایک آدھ لفظ آگے پیچھے کر دیا۔ اور کوئی جملہ ایسا بھی منہ سے نکلا۔ جو خلافِ قانون بھی تھا تو اس پر سال دو مہینہ کی سزا مجھے مل جائے گی۔ لیکن اگر شریعت اور سیرت مطہرہ کے موضوع پر ذرا بھی میں نے بے احتیاطی کی اور ایک حرف بھی آداب کے خلاف نکلا تو اس کی سزا جہنم اور خداوند تعالیٰ کی گرفت کی صورت میں مرتب ہوگی۔ اور یہ سزا عطاء اللہ شاہ بخاری برداشت کرنے کی تاب نہیں رکھتا۔

یہاں جہانگیر بادشاہ کی ایک بات یاد آئی ہے۔ اس کا اپنی بیوی کے ساتھ بے پناہ اور والہانہ تعلق تھا ان کی محبت کے قصے بہت مشہور ہیں۔ ایک دفعہ جہانگیر سے اس نے کوئی ایسی فرمائش یا خواہش ظاہر کی جو دینی اور ایمانی لحاظ سے قابلِ پذیرائی نہیں تھی تو جہانگیر نے اس سے کہا کہ ع

جاناں جاں بتو دادم لیکن ایمان بتو نہ دادم

کہ میری محبوبہ جان تو تمہیں دے چکا ہوں لیکن ایمان تمہیں نہیں دے چکا۔ تو یہ موضوع ایسا ہے کہ ایوان کے ہر ممبر کے جماعتی گروہی نفسانی اور ذاتی خیالات اور وابستگیوں سے بالاتر ہے۔ اس میں ایسے سخت مراحل بھی آسکتے ہیں کہ ہم اپنے مفادات، اپنی پالیسیوں، اپنے حکام اور جس حکومت سے وابستہ ہیں، اور ان کی جماعت میں ہیں۔ ان سب سے صرفِ نظر کر کے ایمان، ضمیر اور حق کا ساتھ دینا ہوگا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کا تعلق شریعت سے ہے اور یہ شریعت کیا ہے؟ افسوس آج اس اصطلاح کی بھی تعریفیں ڈھونڈی جا رہی ہیں اور اس کا مفہوم متعین کیا جا رہا ہے۔ شریعت قرآن اور سنّت کا اور احکامِ الٰہی کا دوسرا نام ہے۔ اور یہ ایک بالکل واضح اصطلاح ہے جو چودہ سو سال سے متعارف اور غیر مبہم آرہی ہے اور سمجھی جا رہی ہے بعض اصطلاحات ایسی ہوتی ہیں کہ ان کی تعریفات کو زیر بحث لانا خارج از موضوع ہوتا ہے۔ جیسے نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ اور قربانی یہ ایسے واضح اور قطعی اصطلاحات ہیں اور ان کے معنی واضح طور پر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ؐ اور قرآن نے متعین کئے ہیں آج اگر کوئی کہے کہ ایمان کی تعریف کیا ہے اور اس مناظرہ میں پڑ جائے کہ اس کے معنی اور تعریف کیا ہے تو لوگ کہیں گے کہ بھائی یہ تو چودہ سو سال سے بالکل واضح اور متعین چیز ہے۔ قرآن وسنت کے احکام، فرائض اور واجبات قرآن وسنت نے یہ سب متعین کئے ہیں۔ جو چودہ سو سال سے امت کے ہاں مسلّمہ چلے آرہے ہیں۔ اس کی تعبیر اللہ کی اصطلاح میں شریعت سے کی جاتی ہے۔ اور یہ اصطلاح اللہ نے مقرر کی ہے۔ قرآن مجید میں کئی جگہ اس کا ذکر آیا ہے لکل جعلنا شرعۃً ومنہاجا۔ کہ اے رسول ؐ صرف آپ کے لئے نہیں بلکہ تمام انبیاءِ سابقین کے لئے اور ان کے امتیوں کے لئے ہم نے ایک طریق کار اور زندگی گزارنے کے احکام اور قوانین اور ضوابط متعین کر دیئے ہیں۔ احکام اور طریقہ کار بھی متعین ہیں۔ اور سب انبیاء سابقین ان ضوابط اور احکام پر چلتے تھے۔ پھر فرمایا۔ ثم جعلناک علیٰ شریعۃ من الامر۔ اے رسول! میں نے تمہیں بھی ایک واضح شریعت دی ہے اور تجھے اس کا پابند بنایا۔ فاتبعہا، پس اسی طریق احکام اور شریعت کی آپ نے پابندی کرنی ہے۔ پیروی کرنی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے ۔ ولا تتبع اھواء الذین لا یعلمون اور جو لوگ شریعت کی حکمتیں، مصلحتیں اور حقیقتیں ان چیزوں کو نہیں سمجھتے یا خواہشات کی وجہ سے اس کو نظر انداز کرتے ہیں اور ان خواہشات کی پیروی کرنے والوں کی آپ ہرگز ساتھ نہ دیں۔ تو اس اہم ترین موضوع جس کا نام شریعت ہے اور قرآن میں اس کا جگہ جگہ ذکر آیا ہے۔ اس کے بارے میں اس ایوان نے اظہار خیال کیا اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کا تعلق پوری طرز حیات سے ہے مسلمان کی پوری طرز زندگی سے ہے۔

**شریعت کی اہمیت :** تو اس پر میں بھی اتنا ضرور کہوں گا کہ ہم اس شریعت بل کے لئے جھگڑتے ہیں اور کیوں اتنی جدوجہد ہو رہی ہے اور اس کو کیوں اہم ترین مسئلہ بنایا گیا ہے۔ اس کی بنیاد یہ ہے کہ جب ہم برصغیر میں غلام ہوئے انگریز آیا اور ایسٹ انڈیا کمپنی نے اپنا قدم جمایا تو اس نے رفتہ رفتہ شریعت کو اس نظام کو اس طریقہ کار کو مسلمانوں سے چھین لینے کی کوشش کی۔ اس نے نہ صرف ہمیں غلام بنایا بلکہ اس نے انتہائی ظالمانہ کام یہ کیا۔ کہ ہماری عدالتوں سے وہ طریقہ کار جو صدیوں سے مسلمانوں کے ہاں چلا آ رہا تھا جو قرآن و سنت اور اس پر مبنی احکام تھے ان تمام قوانین و ضوابط کو عدالتوں سے یکسر چھین لیا۔ اس نے تمام انتظامی شعبوں میں اپنا ایک نظام رائج کیا جس پر مسلمان تڑپ اٹھے اور جنگ آزادی کا آغاز ہوا۔ وہ آزادی کی جنگ کیوں لڑی گئی تھی۔ اس کے لئے ہمیں تاریخ میں پیچھے کی طرف دیکھنا ہوگا۔ سب سے پہلے یہاں حضرت شاہ ولی اللہؒ کے گھرانے سے ان حالات میں انقلابی اقدامات کئے گئے۔ اس وقت کے ہندوستان بھر کے سب سے بڑے عالم اور تمام مکاتیب فکر کے مقتدا اور محترم شخصیت شاہ عبدالعزیز دہلویؒ نے ایک فتویٰ مرتب کیا۔ اور اس نے اس فتوے سے ثابت کیا کہ اب برصغیر دار الحرب بن چکا ہے اور دار الحرب کے دو وجوہات لکھے۔ ایک وجہ یہ لکھی کہ ہم پر ایک غیر مسلم عیسائی قوت قابض ہو چکی ہے۔ اس سامراجی نظام نے ہم کو غلام بنایا ہے اور کسی بدیسی حکومت کو ہم پر حکومت کرنے کا حق نہیں۔ دوسری بات انہوں نے اپنے فتوے میں یہ لکھی کہ اصل وجہ دار الحرب ہونے کی یہ ہے کہ عیسائیوں نے آکر ہماری عدالتوں سے قرآن و سنّت کے جو مستند احکام ہیں وہ سارا نظام ہم سے چھین لیا ہے۔ اور ہم پر اپنے انگریزی قوانین اور ضوابط نافذ کر رہے ہیں۔ اس لئے جب تک ہم عدالتوں میں اس نظام کو واپس نہ لاسکیں گے اور انگریز کو یہاں سے نہیں نکالیں گے تو یہ ہندوستان دار الحرب ہی رہے گا۔

اس کے بعد شاہ عبدالعزیز کے گھرانے سے جہاد کا آغاز ہوا۔ یہ عملی جہاد دراصل شریعت اور اس کے نظام کو واپس لانے کے لئے شروع کیا تھا۔ اس کے لئے سب سے پہلے مسلح جہاد کی شکل میں جدوجہد آپ کے سامنے ہے۔

**سید احمد شہیدؒ کا جہاد بھی نفاذِ شریعت کے لئے تھا**

آپ کی نظر تاریخ پر ہے۔ سید احمد شہیدؒ اور شاہ اسمٰعیل شہیدؒ نے اسی مقصد کے لئے ہندوستان سے ایک طویل سفر کیا۔ بڑی مصیبتوں اور مشقتوں سے دریاؤں اور گھاٹیوں کو عبور کیا۔ ڈیڑھ دو سال میں تمام مراحل طے کر کے برصغیر سے باہر افغانستان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تک پہنچے۔ پھر وہاں سے درہ بولان انہوں نے عبور کیا۔ درمیان میں سکھ حکومت تھی وہ براہِ راست نہیں جا سکتے تھے۔ وہ بلوچستان سے ہوتے ہوئے سرحد پہنچے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسلامی تاریخ میں ماؤزے تنگ کے لانگ مارچ سے بڑھ کر لانگ مارچ موجود ہے۔ اس شریعت بل اس شریعت کے لئے جس کے لئے آج ہم لڑ رہے ہیں۔ سب سے بڑی اور طویل لانگ مارچ جو ماؤزے تنگ کی لانگ مارچ سے بھی بڑی تھی۔ سید احمد شہیدؒ اور شاہ اسمٰعیل شہیدؒ اور ان کے مجاہدین کی تھی جو دو ڈھائی سال کی محنت مشقت اور تکالیف کے بعد سرحد آئے۔ یہ سب کچھ انہوں نے کیوں کیا اس کا جواب سید احمد شہیدؒ اور شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کی دستاویزات، مکاتیب اور برصغیر کے نوابوں، راجاؤں اور جاگیرداروں اور حکمرانوں کو جو خطوط انہوں نے بھیجے ہیں، سے واضح طور پر ملتا ہے۔ سید احمد شہیدؒ کے مکاتیب میں یہ بات موجود ہے کہ یہ طویل جنگ محنت اور مشقت اس لئے نہیں ہے کہ میں صرف سکھوں کی ایک ریاست پر قبضہ کر لوں۔ میرا اصل ٹارگٹ نصاریٰ ہیں۔ اور انگریز ہندوستان میں آ کر قدم جما رہا ہے۔ اور جما چکا ہے۔ اس نے ہماری عدالتوں میں، ہماری زندگی کے تمام شعبوں سے ہمارا نظام ختم کر دیا ہے۔ اور قرآن و سنّت کے اسلامی قوانین اس نے معطل کر دئے ہیں۔ میں ان احکام کی بالادستی کے لئے سکھوں سے لڑ کر اور ان پر فتح پا کر بالآخر نصاریٰ پر حملہ کروں گا۔ اور جہاد کروں گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ تمام جنگ انگریز کے خلاف نہیں تھی بلکہ انگریز کے قائم کردہ نظام کے خلاف تھی۔ اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ جب یہ جنگِ آزادی آخر کار فیصلہ کن مرحلہ پر پہنچی اور قیام پاکستان کا نعرہ بلند ہوا تو اس وقت یہ قربانیاں بھی انتہا کو پہنچ گئیں۔ اس وقت بھی نعرہ صرف انگریز کو نکال لینے کا نہیں تھا۔ اگر صرف انگریز کو ملک سے نکالنا مقصود ہوتا تو برصغیر کے مسلمان پاکستان کے لئے اتنی عظیم قربانیاں ہرگز نہ دیتے۔

**قیام پاکستان کا نفاذ شریعت کے لئے تھا**

وہ متحدہ برصغیر میں ایک سیکولر سٹیٹ میں رہ کر بھی سفید چمڑی والے انگریز سے آزادی حاصل کر چکے ہوتے اس کے لئے خون کی ندیوں سے گزرنے کی ضرورت نہ تھی۔ گھر بار اجاڑ کر پاکستان کے لئے انہوں نے ہجرت نہیں کرنا تھی۔ اس وقت یہ نعرہ لگایا گیا کہ پاکستان کا معنیٰ کیا لاالٰہ الا اللہ ہے۔ کہ قیام پاکستان کا مطلب انگریز کو نکالنا نہیں ہے۔ سیکولر سٹیٹ ہندوؤں کا ہو سکتا ہے۔ الغرض ہمارے سامنے دو مقاصد تھے کہ انگریز بھی نکل جائے اور انگریز کے اس لعنتی نظام سے بھی چھٹکارا حاصل ہو جائے جو سوا ڈیڑھ سو سال سے ہم پر مسلط کیا ہوا ہے۔ اس لئے قائدِ اعظم نے واضح طور پر اعلانات کئے۔ خطوط لکھے اور ریاست کو الگ کرنے کے لئے یہی ایک بنیاد تھی کہ متحدہ ہندوستان میں ایک لادینی اور غیر مسلم نظام سے شاید ہمیں نجات نہ مل سکے۔ اس لئے مسلمان خود اپنی ایک ریاست بنا کر اس میں قرآن و سنت کی بالادستی قائم کریں گے ۱۹۴۴ء میں قائدِ اعظم نے مسٹر گاندھی کو ایک خط لکھا اور اس میں واضح طور پر کہا کہ ہمارے پاس چونکہ خود ایک ضابطہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حیات موجود ہے۔ اور کہا کہ قرآن ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ اور اس میں زندگی کے ہر شعبے کے لئے حتیٰ کہ سیاسی سماجی، قانونی، تمدنی اور اخلاقی تمام شعبوں کے لئے چونکہ قوانین موجود ہیں اس لئے ہمیں ادھر اُدھر دیکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی اور سامراجی اور بدیسی نظام سے چھٹکارا پانے کے لئے لاکھوں مسلمانوں نے جان کی قربانی دی کروڑوں مسلمان دربدر ہوئے۔ اور ملک چھوڑ کر ہندوستان کو خیرباد کہہ کر پاکستان آئے۔ اور کتنی ہی ماؤں اور بہنوں کی عفتیں اور عصمتیں لٹ گئیں۔ یہ تاریخ کا لازوال اور بے مثال اور عظیم کارنامہ ہے جس میں کسی مسلمان قوم نے چودہ سو سال تاریخ میں کسی نظریاتی مملکت کے قیام کے لئے یہ قربانی دی اور کہا کہ اس مملکت کا معنیٰ لا الہ الا اللہ ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! یہ ساری جدوجہد اور جنگ اسی مقصد کے لئے تھی کہ جب ہم ایک آزاد ملک حاصل کریں گے تو ہم یہاں اسی طرز پر قرآن و سنت کی حکمرانی قائم کریں گے اور انہیں قوانین پر ہم فیصلے کر سکیں گے۔ اور اسلام کے بہترین معتدل اور عادلانہ نظام زندگی پر چل کر مشکلات اور تکالیف سے چھٹکارا حاصل کریں گے

## آزاد قوم کے لئے غلامانہ قوانین

اور وہ قوانین جو انگریز نے ایک غلام قوم کے لئے بنائے تھے۔ مگر ہوا عجیب معاملہ کہ اتنی قربانیوں کے بعد انگریز تو چلا گیا لیکن جو قوانین ایک قید خانے ایک غلام قوم کے لئے انگریز نے اپنی ضرورتوں مصلحتوں اور سیاسی تقاضوں کے لئے بنائے تھے جس میں وہ ہمیں سختی سے جکڑ سکتا تھا ہمیں شکنجے میں جکڑ سکتا تھا ہمیں آپس میں لڑا سکتا تھا۔ اور ہمیں ہر قسم کی آزادی اور حریت کے اقدامات سے باز رکھ سکتا تھا۔ ان قوانین کو ہم نے ایک آزاد قوم ہوتے ہوئے بھی مضبوطی سے تھام لیا۔ یہاں پاکستان میں اور دنیا کے ہر ملک میں قید خانے کے الگ قوانین ہوتے ہیں۔ قیدی کو ہر حالت میں ان قوانین کو برداشت کرنا پڑتا ہے لیکن جب قیدی آزاد ہو جاتا ہے تو باہر کے قوانین جو آزاد دنیا کے لئے ہوتے ہیں وہ سراسر اس قید خانے کے قوانین کے بالکل برعکس اور مختلف ہوتے ہیں۔ ایسا تو نہیں ہوتا کہ قیدی باہر آکر بھی قیدیوں جیسی زندگی بسر کرے لیکن بدقسمتی سے انگریز نے ایسی چال چلی اور اس نے جاتے جاتے اس نظام کو ایسی ڈگر پر چلانے کے لئے اتنے بھرپور انتظامات کئے کہ ہم نام کے تو آزاد ہو گئے لیکن اٹھارہ سو ستاون اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے آنے کے بعد کسی صورت حال میں ذرہ تبدیلی ہم نے گوارا نہ کی۔

## ہم آزاد ہیں یا غلام

تو جناب چیئرمین صاحب آپ سے پوچھتا ہوں کہ ہم اپنے آپ کو ایک آزاد شہری کہلا سکتے ہیں۔ ہم اپنے ملک کو آزاد ملک کہلا سکتے ہیں جس مملکت میں سامراجی دور کا نظام جاری و ساری ہو جس میں تمام تعزیرات، تعزیرات انگریز ہوں جس میں وہی حدود و قیود ہوں اور تعلیم کے میدان میں اور تمدن کے میدان میں، سیاست کے میدان میں، معیشت کے میدان میں اور خاص کر عدالت کے میدان میں تمام کے تمام وہی طریقہ کار اور ضوابط ہوں، ہم یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ یہاں سے سفید چمڑی والا انگریز چلا گیا ہے لیکن ہم یہ نہیں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کہہ سکتے کہ ہم ایک نظام سے آزاد ہو گئے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ جب تک یہ عظیم مقصد حاصل نہیں کریں گے دو سو سال میں دی جانے والی تمام قربانیاں رائیگاں رہیں گی۔ ہم ہر سال آزادی کا دن مناتے ہیں لیکن درحقیقت ہم اپنے آپ کو دھوکہ دیتے ہیں۔ درحقیقت ہم اس دن آزاد ہوں گے جب ہم لارڈ میکالے اور لارڈ کرزن کے نظام سے گلو خلاصی حاصل کریں گے اور اسی دن ہمیں حقیقی آزادی منانے کا حق ہوگا۔ جب کہ چالیس سال سے مسلسل ہم نے اسی نظام کو سینے سے لگائے رکھا ہے۔

## چالیس سال میں ہم کہاں پہنچے

اور اس کے نتیجے میں آپ نے دیکھا ہے کہ ہمارے یہ چالیس سال کیسے گذرے ہیں۔ یہ عرصہ مسلسل سیاسی کش مکش اقتدار کی رسہ کشی ایک دوسرے کو اتارنے چڑھانے کی سازشیں کرنے میں گذرا ہے۔ اس کے بعد معیشت کے میدان میں کتنا عظیم تفاوت ہے۔ اخلاقی اقدار کی پامالی اور اخلاق باختگی اور اپنی زندگی کے حقیقی مقاصد سے ہم دور ہٹتے چلے گئے ہیں۔ پھر آخر کار یہ ہوا کہ اسلام کا جو رشتہ ہم سب کی قومیتوں کو جسد واحد بنا کر رکھ سکتا تھا جس رشتے کی وجہ سے برصغیر کے پورے مسلمانوں نے لازوال قربانیاں دیں اس وقت نہ کسی نے یہ کہا کہ میں سندھی ہوں یا پٹھان ہوں یا یوپی والا ہوں۔ مگر وہ رشتہ بھی کمزور ہوتا گیا کیونکہ جب نظام انگریزی تھا تو یہ نظام ہمیں ڈنڈے کے زور سے غلام بنا کر رکھ سکتا تھا لیکن بحیثیت نظام کے وہ ہمیں ایک رشتے میں نہیں جوڑ سکتا تھا تو ملک کا ایک بازو ٹوٹ گیا اور اس کے بعد لسانی اور گروہی عصبیتوں کا ایک طوفان اٹھا اور اب ایسے عفریت نے منہ کھولا ہوا ہے جو ہمیں ہڑپ رہا ہے تو یہاں یہ تمام سیاسی بحران پیدا ہوئے اور پھر خدا اور رسولؐ کے تصور سے عاری ایک نظام ہوگا تو اس سے انسان مادہ پرست بن جاتا ہے پوری قوم مادہ پرستی کی طرف چالیس سال سے رواں ہے۔ اسی کے نتیجہ میں رشوت کا دور دورہ ہوا۔ اس کے نتیجے میں سمگلنگ ملاوٹ اور چور بازاری کا بازار گرم ہوا۔ اسی کے نتیجہ میں مہنگائی انتہا کو پہنچنے لگی۔ ہر شخص نے یہ تصور کیا کہ اب حلال حرام کا تصور تو ہے نہیں بقول اکبر الہ آبادی ؎

چند دن کی زندگی ہے کوفت سے کیا فائدہ
کھا ڈبل روٹی کلرکی کر خوشی سے پھول جا

یہی تصور چھا گیا کہ راتوں رات دولت حاصل کرو۔ امیر بنو۔ اس کے لئے حلال و حرام کی سب حدود پامال کرو یہ قوم اب بالکل ایک مادہ پرست قوم بن چکی ہے۔ وجہ یہی ہے کہ ہمارے سامنے اپنا کوئی نظام نہیں رکھا گیا جو ہمیں اللہ اور رسولؐ کا تصور دیتا جو ہمیں ڈراتا۔ ہمیں اس پہ چلاتا اور ہم اس کی برکات سے محظوظ ہوتے۔

## قرار داد مقاصد کی اساس

جناب چیئرمین صاحب! قیام پاکستان کے فوراً بعد ۱۹۴۹ء میں یہ کوششیں دین چاہنے والے علماء بزرگوں اور عام لوگوں کی طرف سے شروع ہوئیں کہ ہم اس گاڑی



© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا قبلہ درست کر دیں اور اس کے لئے بڑی زبردست جدوجہد علامہ شبیر احمد عثمانی کی قیادت اور سرکردگی میں ہوئی جو پاکستان کے بانیوں میں سے تھے۔ اور جس نے بہت سی قربانیاں اپنوں اور پرایوں سے جھگڑ جھگڑ کر دی تھیں۔ انہوں نے ایک منظم تحریک چلائی کہ اس حکومت کے بنیادی خدوخال اور بنیادی راہ عمل اور خطوط طے ہوں۔ اسی سلسلے میں ۱۹۴۹ء میں قیام پاکستان کے بعد قرارداد مقاصد کی شکل میں ایک مقدس دستاویز مرتب کی اور اس کے منوانے کے لئے کوشش کی۔ جسے بالآخر انہوں نے اس وقت کے حکمرانوں سے منوا لیا۔ اس طرح انہوں نے اس ملک کا قبلہ متعین کر دیا۔ مگر بدقسمتی سے اس کی روشنی میں کوئی قانون سازی نہ ہوئی۔ قرارداد مقاصد کی بنیاد یہی تھی کہ ہم نے جب آزاد ملک حاصل کیا ہے تو یہاں ساورنٹی حاکمیت اعلیٰ خداوند تعالیٰ کی ہوگی۔ ہم رب العالمین کے طے کردہ حدود اور جو راستے ہیں۔ جو طریقے ہیں ان کے اندر رہتے ہوئے اپنی حکمرانی جو کہ اللہ تعالیٰ کی ایک امانت ہے اس کو استعمال کرتے رہیں گے مگر اس کے بتائے ہوئے حدود کو پامال نہیں کریں گے۔ اور

**حاکمیت خداوندی کے تقاضے**

حاکمیت اعلیٰ حقیقتاً اللہ تعالیٰ ہی کی ہوگی۔ اس لئے کہ مسلمانوں کے لئے یہ ایمان کا تقاضا ہے کہ مسلمان کبھی بھی اپنے آپ کو اصل حکمران نہیں کہہ سکتا۔ اس کی حاکمیت خلافت کی حاکمیت ہوتی ہے۔ امانت کی حاکمیت ہوتی ہے اور فیصلے اس نے انہی احکام کے تحت کرنے ہیں جو حاکم مطلق ہے اس کے لئے متعین اور واضح کر دئے ہیں۔ اس لئے کہ اس کے سامنے یہ آیات ہوتی ہیں :-

وَمَنْ لم یحکم بِمَا اَنزل اللّٰہُ فاولٰئک ھم الفاسِقُون

وَمن لم یحکم بِمَا اَنزل اللّٰہُ فاولٰئک ھم الظالمُون

وَمن لم یحکم بِمَا اَنزل اللّٰہُ فاولٰئک ھم الکافرُون

اور فرمایا ان الحکم اِلّا اللّٰہ ۔ اور فرمایا الا لہ الخلق والامر اور فرمایا لِلّٰہ الامر۔ ان آیات میں اور ایسی بے شمار سینکڑوں آیات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر حاکمیت اعلیٰ اور ساورنٹی اپنے آپ تک محدود کر رکھی ہے۔ اور یہ الاٹ کر رکھی ہے کہ یہ میرے دائرہ اختیار میں ہے اس میں بندے کو مداخلت کا حق نہیں ہے۔ ہاں ان حدود میں رہتے ہوئے خلافت کے طور پر اپنی زندگی گزارنے کا حق ہے۔ اب اس حاکمیت اعلیٰ کو ہم قانون سازی کے ذریعے ہی زندگی میں نافذ کروا سکتے تھے۔ اللہ تعالیٰ حاکم اعلیٰ ہے۔ لیکن اس کی سنت کا اور اس کی حکمتوں کا یہ تقاضا نہیں ہے۔ نہ اس کی صورت یہ ہے کہ خود اللہ تعالیٰ آکر جج بن جائے اور حاکم کی کرسی پر بیٹھ جائے۔ اللہ تعالیٰ اپنی حاکمیت قرآن وسنت کے ذریعہ سے منوانا چاہتا ہے بندوں پر۔ اللہ کی حاکمیت یہ ہے کہ اس کے دئے ہوئے راہ عمل تعلیمات اور احکام وفرامین جو قرآن وسنت کی شکل میں ہمارے سامنے ہیں ان کے تحت ہم ان کو حاکمیت کا حق دیں۔ ہم اقتدار کی کرسی پہ عدالت کی کرسی پر اور اپنے تمام مناصب جلیلہ پر قرآن وسنت کو بٹھا دیں۔ اور اس کی یہی صورت تھی کہ ہم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عدالتوں میں قرآن و سنت کے قوانین جاری کرتے اور ہماری زندگی پر صرف قرآن و سنت کو بالادستی حاصل ہوتی اور ہم اللہ تعالیٰ کو ساورن مان لیتے۔ اور اللہ کو حاکم اعلیٰ مان لیتے۔ لیکن ایسا کئے بغیر ہم کسی دستور میں لاکھ بار بھی اللہ کو حاکم اعلیٰ کہیں اور اپنے دروازوں پر بڑے بڑے طغرے اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کے لگائیں اور تقریروں کی بنیاد اس کو بنا دیں۔ اس کو سلوگن بنا دیں۔ اس کو تعویذ کی طرح استعمال کریں لیکن میں کہتا ہوں کہ اس طرح حاکمیت اعلیٰ ہماری عملی زندگی میں نافذ نہیں ہو سکتی۔

## حاکمیت خداوندی کا اعتراف عدالتوں سے ہی کرایا جا سکتا ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے زمانہ سے عدالت کے ذریعہ نظام عدالت کے ذریعہ اس حاکمیت اعلیٰ کو چلایا اور نافذ کروایا۔ اور زندگی کے سارے شعبوں پر کنٹرول عدالت کو دے دیا۔ اس کے بعد عدالت کو بھی کھلا نہیں چھوڑا عدالت کو قطعی پابند کیا کہ حاکم بھی مسلمان معاشرے کا ایک فرد ہے تم بھی اللہ کی طرف سے حاکم کے طور پر اور ثالث کے طور پر فیصلے کرو گے۔ لیکن فیصلے خدا اور رسول ؐ کی مرضی کے مطابق کرو گے۔ اور پھر رسول ؐ کو کہا کہ تیرے رب کی قسم جب تک تجھے حاکم نہ مان لیں اپنے معاملات اور جھگڑوں میں تجھ سے فیصلہ نہ کروائیں تو یہ ہرگز ہرگز مومن نہیں کہلا سکتے

فلا و ربک لا یومنون حتیٰ یحکموک فیما شجر بینھم ثم لا یجدوا فی انفسھم حرجاً

مما قضیت و یسلموا تسلیماہ

یہ ساری آیتیں ہیں کہ فیصلہ کے حق کو بھی کسی جج کو کسی عدالت کو بالکل کھلا نہیں چھوڑا گیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ احکام اور فرامین کے خلاف جیسے بھی چاہے وہ فیصلہ دے دے۔ تو گویا یہ عدالت نائب ہے خلیفہ ہے کہ یہ اللہ اور رسول ؐ کی حاکمیت کو مسلم معاشرے میں اس کی مخلوق میں نافذ کروائے۔

## اسلامی تاریخ میں اسلامی عدالتیں!

چنانچہ چودہ سو برسوں سے انہیں عدالتوں کے ذریعہ قرآن و سنّت کی حاکمیت کا اعتراف کیا جاتا رہا ہے۔ اور قرآن و سنّت کو حق دیا جا رہا ہے کہ وہ اپنے تمام احکام اور معاملات کا فیصلہ اس کے ذریعے سے کروا سکیں کبھی یہ عدالتیں مدون دفعات سامنے رکھ کر فیصلے کرتی تھیں کبھی غیر مدون دفعات کی شکل میں قرآن و سنت اور اس سے مستنبط احکام اور پچھلے فیصلوں کو سامنے رکھ کر اپنی اہلیتوں اور صلاحیتوں کی روشنی میں فیصلے کرتی چلی آ رہی تھیں۔ خلافت راشدہ کے بعد بھی اسلام کے عروج اور اس کے ارتقاء کے اور امن و سلامتی کے ایسے بڑے بڑے دور گزرے ہیں۔ پوری خلافت بنو امیہ اور خلافت بنی عباس کے زمانہ میں عدالتیں فیصلے قرآن و سنت کی روشنی میں کرتی تھیں۔ اس کے سامنے اگرچہ مدون چیزیں نہیں تھیں۔ لیکن اصول و ضوابط ماخذ ایسی تمام چیزیں موجود تھیں۔ خلافت عثمانیہ میں بھی یہی سلسلہ چلا آ رہا تھا۔ کئی سو برس ہندوستان میں بھی مسلم عدالتیں قرآن و سنت اور اس پر مبنی احکام اور تفاصیل کو سامنے رکھ کر مسلم معاشرے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں عدل و انصاف اور حقیقی فلاحی ریاست کی جو رعائتیں ہیں، جو حقوق ہیں وہ برکات بکھیرتی رہیں اور اس طرح مسلمان معاشرہ تمام دنیا کے لیے قابلِ رشک معاشرہ عدالتی نظام کے لحاظ سے بھی بنا رہا۔

## کیا دفعہ وار قوانین لازمی ہیں؟

قرآن وسنت نے یہ تو لازم قرار نہیں دیا کہ ایک عدالت کے سامنے لازماً ایک مدوّن اور دفعہ وار قانون موجود ہونا چاہیئے۔ یہ صورتِ حال اب بھی دنیا میں کئی جگہوں پر موجود ہے۔ برطانیہ جو کہ دنیا میں قانون کا بہت بڑا علمبردار بنا ہوا ہے وہاں بھی آئین اور قانون سے بڑھ کر پہلے سے جاری جو روایات ہیں۔ انہی روایات کو دیکھ کر فیصلے کیے جاتے ہیں۔ وہ عدالتیں اپنے ان روایات کا لحاظ رکھتی ہیں اور ان روایات کے تقدّس برقرار رکھنے کی کوشش کرتی ہیں اور فیصلے کرتی ہیں۔ یہی اس وقت ایک اسلامی سٹیٹ سعودی عرب میں ہو رہا ہے۔ پھر اگر ہم چاہتے کہ یہ مشکل بھی حل ہو جائے اور جدید تقاضوں اور جدید حالات کی روشنی میں عدالتوں کے سامنے ایک ڈیفائنڈ مدون ایک قانون موجود ہو تو اس کے لئے یہ مشکل نہیں تھا۔ چالیس برس ایک طویل عرصہ ہے۔ آج کہا جا رہا ہے کہ دفعہ وار قوانین نہیں ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس غفلت اور کوتاہی کا ارتکاب کس نے کیا ہے۔ چالیس سال اللہ نے ہمیں حکمرانی کا موقع دیا اور ہم ہمیشہ کہتے رہے کہ قرارداد مقاصد ہماری راہنما ہے اور ہم اسلامی آئین کے مطابق فیصلے کریں گے۔ یہ مسلم معاشرہ ہے یہاں اسلامی قوانین کی بالادستی ہوگی تو اس لئے کچھ کام تو آگے بڑھا دیا ہوتا۔ چالیس سال کیا میں کہتا ہوں کہ یہ کام چالیس مہینوں میں بھی سرانجام دیا جا سکتا تھا۔

## تدوین قوانین اسلامی اور حکومت کی مجرمانہ کوتاہی

جناب والا۔ پھر شریعت بل کو یہاں پیش ہوئے تقریباً دو سال ہونے کو ہیں پونے دو سال، جب شریعت بل کا مسئلہ سامنے آیا تو اربابِ حکومت کو وزارت انصاف کو اور وزارت قانون کو یہ سوچنا چاہیئے تھا کہ یہ چیز جو سامنے آرہی ہے اس کو سامنے رکھتے ہوئے وہ قانون کو دفعہ وار مدون کرنے کا کام شروع کر لیتے اس طرح دو سال کے عرصے میں اس کا کچھ حصہ تو سامنے آیا ہوتا۔ پھر بھی میں سمجھتا ہوں کہ یہ اتنا بڑا مشکل کام نہیں ہے۔ اس وقت عالم اسلام میں کئی مدون مجموعے موجود ہیں اور اس پر فیصلے ہوتے چلے آرہے ہیں خلافت عثمانیہ نے "المجلہ" کی شکل میں ساری دفعات کو مدون و مرتب کر دیا تھا۔ اس وقت اردن کی حکومت نے بہت بڑا عظیم کام کیا ہے اور ایک فقہی انسائیکلوپیڈیا فقہ پر مرتب کر رہے ہیں۔ پھر اگر ہم اس صورتِ حال کی ضرورت پیدا کریں گے تو بحران پیدا نہیں ہوتا۔ ضرورت کے بعد اس کی مشکلات بھی حل ہوں گی اور وہ سارے دفعات بھی مرتب ہو جائیں گے اس وقت بھی ہم خلا میں نہیں ہیں۔ کہ یک دم یہ مشکل ہمارے سامنے آجائے گی۔ تقریباً طویل عرصہ یعنی ۱۵ سال سے اسلامی نظریاتی کونسل انہی خطوط پر کام کر رہی ہے اور اس نے بہت سی چیزیں رپورٹوں کی شکل میں دفعات کی شکل میں مسودات کی شکل میں بہت بڑا ذخیرہ ہمارے سامنے رکھا ہوا ہے۔ ہم اگر آج بھی عدالتوں کو اسلامی قوانین پر فیصلہ کرنے کا پابند کر دیں تو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان کے سامنے بہت بڑے ڈھیر آ جائیں گے مگر آپ ارادہ کریں۔

دیت اور قصاص پر آپ ایک سال بحث کر چکے ہیں۔ اس قوم کے برگزیدہ لوگوں نے، سکالروں نے، دانشوروں نے قانون سازوں نے، ججوں نے ۱۹۷۹ء سے تقریباً ۱۹۸۵ء تک، دیت اور قصاص کے مسئلے پر ساری تفصیلات پر غور و خوض کیا۔ اس کے متبادل ترامیم آئین پر سارا ہوا۔ میں کہتا ہوں کہ دیت اور قصاص کا وہ مسودہ جو مجلس شوریٰ نے بالآخر تمام مکاتب فکر کے ہوتے ہوئے متفقہ طور پر اس کو پیش کیا۔ اگر آج بھی اس دیت اور قصاص کے مسودے کو آپ اپنے اس مؤقر ایوانوں سے پاس کر دالیں اور آپ چاہیں تو یہ سب کچھ ایک دن میں پاس کر سکتے ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ستر فیصد فوجداری قوانین مرتب شکل میں ہمارے سامنے ہوں گے۔

○ جناب چیئرمین! اگر اختصار سے کام لیں، کیونکہ وقت بہت گذر گیا ہے۔

○ مولانا سمیع الحق: جناب میں تو تقریباً تین گھنٹے لوں گا اب فیصلہ آپ فرمائیں کیونکہ ڈیڑھ سال اس موضوع پر لوگوں نے اظہار خیال کیا ہے۔ اگر میری صحت نے جواب نہ دیا اور گلا نہ بیٹھا اور آپ نے بھی اس طرح تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کیا تو کم از کم رات بارہ بجے تک میں انشاء اللہ اس موضوع پر اظہار خیال کرنا چاہتا ہوں کیونکہ ڈیڑھ سال تک لوگوں کو آپ نے کھلا وقت دیا ہے۔ اس وقت تو میں بالکل ابتدائی پوائنٹ پر ہوں اور مجھے وہ تمام خدشات اور شبہات جو ملک بھر میں اٹھائے گئے ہیں اجتہاد کے مسئلہ میں فرقہ واریت کی شکل میں اور مقننہ کے اختیارات پر قدغن لگانے کی شکل میں اور یہ کہ یہ سیاسی بل ہے۔ یہ متنازعہ ہے انشاء اللہ ان تمام باتوں پر اپنا طالب علمانہ اظہار خیال کرنا ہے۔ اب جیسے آپ حکم دیں کہ کس وقت تک آپ چلا سکتے ہیں اجلاس کو۔ وہ آپ خود دیکھ لیں۔ جہاں تک میرا تعلق ہے میں تو بارہ کیا چھ بجے تک بھی بیٹھ سکتا ہوں۔ لیکن ایوان میرے خیال میں اس کا متحمل نہیں ہو سکے گا۔

○ مولانا سمیع الحق: جیسے جناب آپ کی اور ایوان کی رائے ہو۔ میں تو چاہتا ہوں کہ آج اس معاملے کو ختم کر دیں۔

○ سید عباس شاہ: آپ اس کو ختم کر دیں یا نہ آپ کی مرضی لیکن کورم جناب پورا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! اگر آج پہلی خواندگی ختم ہو جاتی تو آگے بھی بہت سارے مراحل ہیں۔ آپ کے سامنے بھی ایوان کے سامنے بھی۔ تو اس پر بھی بہت سی بحث ہو سکتی ہے۔ بہرحال اگر کورم نہیں ہے تو گھنٹی بجائی جائے (گھنٹی بجائی گئی)

○ جناب چیئرمین! میرے خیال میں اجلاس کو برخاست ہی کرنا پڑے گا۔

○ جناب وسیم سجاد۔ جناب یہ بحث اگلے پرائیویٹ ممبرز ڈے پر بھی جاری رکھیں گے۔

○ جناب چیئرمین۔ اچھا۔

○ مولانا سمیع الحق۔ یعنی فلور میرے ہاتھ میں ہو گا میں آغاز کروں گا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جناب چیئرمین : جی فلور آپ کے پاس ہو گا۔

مولانا سمیع الحق : بس ٹھیک ہے جی میں آغاز کروں گا۔

(مداخلت)

مولانا سمیع الحق ۔ میں نے تو کہنا تھا ۔ اب جگر تھام کے بیٹھو مری باری آئی ۔ اور ؎

نالۂ بلبل کے سنوں اور ہمہ تن گوش رہوں
ہمنوا میں بھی کوئی گل ہوں کہ خاموش رہوں

تو میں نے کہا آج آپ نے جگر تھام کے بیٹھ کر سننا ہو گا اس لئے کہ ؎

شبِ وصال بہت کم ہے آسماں سے کہو
کہ جوڑ دے کوئی ٹکڑا شبِ جدائی کا

جناب چیئرمین : ضرور

مولانا سمیع الحق : لیکن یہ حضرات تو کہہ رہے ہیں کہ آج رات بارش ہوئی ہے بڑی زبردست فضا ہے ۔ ہم باہر جانا چاہتے ہیں ۔

جناب چیئرمین : اچھا وزارت انصاف و پارلیمانی امور کی وساطت سے اجلاس کی آئندہ کارروائی کے متعلق صدر صاحب کا ایک حکم موصول ہوا ہے وہ میں آپ کو سناتا ہوں ۔

(اجلاس برخاست)

اس کے بعد مورخہ ۱۵ر مارچ کو مولانا سمیع الحق نے سینٹ کی پرائیویٹ کارروائی کے دن سات کی نشست میں اپنا خطاب مکمل فرمایا ۔

چیئرمین نے کہا ۔ اس پر پہلی خواندگی ابھی جاری ہے ۔ مولانا سمیع الحق صاحب نے جو کہ اس بل کے ایک محرک ہیں اپنی اختتامی یا جوابی تقریر آج کل مکمل کرنی ہے تو وہ مہربانی کر کے وہاں سے شروع کریں جہاں سے انہوں نے پچھلے اجلاس میں ختم کیا تھا ۔

مولانا سمیع الحق :

**عدالتوں کو پابند بنانے پر اشکالات اور جواب**

جناب چیئرمین صاحب ! میں نے اپنی گذارشات کے اختتام میں یہ عرض کیا تھا کہ بل کے ذریعہ ہم عدالتوں کو قرآن و سنت کے مطابق فیصلے کرنے کا پابند چاہتے ہیں اس کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بارے میں کچھ خدشات اور مشکلات بیان کی گئی ہیں اور بہت سے دوستوں نے ان مشکلات کا ذکر کیا ہے تو اس وقت میں عرض کر رہا تھا کہ ایک طریق کار تو یہ ہے کہ مدون قانون کو ڈیفائی دفعہ وار کسی عدالت کے سامنے رکھا جائے اور وہ اس کے مطابق فیصلہ کرے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ عدالت کو قرآن و سنت اور اسلامی احکام کی تعبیر و تشریح کا حق دیا جائے اور قانون موضوعہ اس کے سامنے نہ ہو۔ دونوں صورتوں میں کچھ مشکلات بیان کی گئی ہیں کہ اگر ان کو کلی اختیار دیا جائے تو ان کو چونکہ اسلامی علوم کے اوپر مہارت نہیں ہے اور اسلامی قانون کا جو سرچشمہ ہے اور اکثر عربی میں ہے تو اس طرح شاید وہ صحیح فیصلہ نہ کر سکیں۔ اور دوسری صورت یہ تھی کہ ہم قوانین مدون کر کے ان کے سامنے رکھیں۔ اس میں یہ مشکلات سامنے آتی ہیں کہ قوانین کی تدوین اگر ہم از سر نو شروع کریں۔

## پارلیمنٹ سے منظوری کے لئے عمر نوح درکار ہے

اور جیسے کہ پارلیمانی نظام مروج ہے اور پھر پارلیمنٹ کے سامنے ان قوانین کی منظوری کا یہ سارا سلسلہ چلتا رہے تو دو تہائی اکثریت درکار ہوگی۔ اور پھر یہ ہے کہ جو مسودہ سامنے آئے گا اس پر پہلی خواندگی ہوگی۔ پھر دوسری پھر تیسری۔ اور پھر ترامیم در ترامیم آئیں گی۔ ہم نے دو سال میں دیکھا کہ قوانین اور بل ان مراحل سے گذارے جاتے ہیں شاید وہ ان مدون دفعات کو منظور کرے بھی یا نہ کرے۔ اور اگر کرے بھی تو اس کے لئے عمر نوحؑ اور صبر ایوبؑ درکار ہے

چالیس سال ہم نے ایسے گذار دیے ہیں۔ اگر تدوین کا یہ سلسلہ از سر نو پارلیمنٹ سے گذارا جائے تو اس کے لئے غیر معینہ مدت بلکہ شاید صدیوں تک ہمیں انتظار کرنا پڑے۔ اور ہم اسلامی قوانین کی طرف پیش رفت نہ کر سکیں۔

یہاں تلور (ایک پرندہ) پر پابندی کا مسئلہ دو سال تک چلتا رہا۔ اور قومی اسمبلی نے اس مسئلہ پر قیمتی وقت اور سرمایہ ضائع کیا۔ اور میں نے بعض دوستوں سے کہا کہ ۷۰ء سے جو تحریک چلی تھی، سوشلزم کا نعرہ اٹھا تھا۔ پھر ۷۷ء میں ملک میں ایک تحریک چلی اور اس کے نتیجے میں مارشل لاء آیا اور مارشل لا کے نتیجے میں پھر ۱۹۸۵ء میں یہ جمہوری حکومت قائم ہوئی۔ یہ سارا سترہ سال کا سلسلہ گویا تلور کے لئے تھا خلاصہ تو اس کا ہمارے سامنے یہی آیا۔

اور بالآخر اسے مسترد کر دیا گیا۔ اگر اس طریقے سے ہم ایک ایک دفعہ اور قانون پاس کرائیں گے تو اس کے لئے ہم شاید اپنی منزل پر نہ پہنچ سکیں۔ تو میں نے عرض کیا تھا کہ اس وقت کچھ چیزیں ہم مدون شکل میں عدالت کے سامنے رکھ سکتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ قرآن و سنت کی تشریح و تعبیر کے لئے عدالتوں کو ان چیزوں کا پابند بنائیں گے۔ تو دونوں میدانوں میں ہم آگے قدم بڑھا سکیں گے۔ مشکلات دونوں میں آئیں گی لیکن کچھ تو پیش رفت شروع ہو جائے گی۔ اور مشکلات اللہ کی مہربانی سے حل ہو جائیں گی۔

تو میں عرض کر رہا تھا کہ ہمارے پاس اس وقت بہت سا ذخیرہ مدون بھی موجود ہے۔ نظریاتی کونسل نے ایک طویل عرصہ تک کام کیا ہے۔ دیت اور قصاص کے قوانین پر محنت ہوئی ہے۔ شفعہ کا سارا مسئلہ مدون شکل میں



© rasailojaraid.com

موجود ہے۔ قانونِ شہادت کا سارا مسودہ نظریاتی کونسل اور کئی اداروں کی تنقیح تجزیہ اور تحلیل سے گزرا ہے۔

## عدالتوں کو پابند بنانے سے بحران پیدا نہیں ہو گا

تو اس وقت کوئی بہت بڑا بحران پیدا نہیں ہو گا اگر ہم عدالتوں کو اسلامی قوانین پر فیصلہ کا پابند بنائیں گے۔ کیونکہ اس وقت جتنے قوانین رائج ہیں تو ان میں بہت بڑی اکثریت ایسے قوانین کی ہے جن کا تعلق انتظامی نوعیت کے قوانین سے کیا جا سکتا ہے۔ ان کا تعلق حلال و حرام اور جائز و ناجائز سے نہیں ہوتا۔ ان قوانین میں سے کچھ پر نظریاتی کونسل اور کچھ وفاقی شرعی عدالت نظرثانی کا کام کر چکی ہے اور سارا ذخیرہ ان انتظامی قوانین کا ان دونوں اداروں نے کھنگالا ہے۔ ان میں سے اگر اکا دکا کوئی بات آئے گی تو معمولی ترمیم کی ہو گی۔ اور ان ترامیم کی نشان دہی بھی کی جا چکی ہے۔ تو ہم جب اس بل کا دفعہ چار پاس کریں گے تو رائج الوقت قوانین جو انتظامی نوعیت کے ہیں ان کو اسی حال پر رہنے دیں گے۔ اور ان کو تحفظ مل جائے گا وہ خلاف شرع نہیں ہیں۔ یہ سلسلہ وہاں ختم ہو جائے گا۔ اس میں ہم اتنی بات کریں گے کہ اس تصریح کے ساتھ کہ عدالتیں ان انتظامی قوانین پر فیصلہ کی پابند ہوں گی۔ بجز اس کے کہ اس کی کوئی چیز، قانون شریعت کے خلاف نظر آئے تو اس میں شریعت کو بالادستی ہو گی۔ اگر کسی جج کو از خود کوئی چیز نظر آئے ان انتظامی قوانین میں کوئی چیز خلاف شرع ہے تو اس تصریح کے بعد اس کے لئے کوئی مشکلات نہیں ہوں گی۔ دوسرا حصہ عدالتوں میں مروجہ فوجداری قوانین کا ہے تو سارے فوجداری قوانین کی منسوخی بھی ضروری نہیں۔

اگر ہم دفعہ چار نافذ کر دیں تو اس سے تمام فوجداری قوانین یک دم یک لخت منسوخ نہیں کرنے پڑیں گے۔ وہ اس لئے کہ اس وقت حدود آرڈی ننس نافذ العمل ہے۔ اور بہت سے فوجداری قوانین حدود آرڈی ننس کے دائرے میں آ جاتے ہیں۔ اسی طرح دیت و قصاص کا مسودہ جو سارے مراحل سے گزرا ہے اگر ایک دن میں بھی اس کو نافذ کرنا چاہیں تو نافذ کرا سکتے ہیں تو ۹۰ فیصدی فوجداری قوانین اس کے ماتحت آ جائیں گے۔ اور ایک مدون چیز ۹۰ فیصدی دیت و قصاص کی شکل میں ہم عدالت کے حوالے کر سکیں گے کہ اس کے مطابق آپ نے فیصلہ کرنا ہے۔

## شریعت سے متصادم قوانین

فوجداری قوانین میں بھی ہم یہ کر سکتے ہیں کہ کسی عدالت کی فوجداری قوانین میں کوئی دفعہ شریعت کے خلاف ہو تو شریعت کا حکم بالادست ہو گا۔

اب ہمارے سامنے صرف دیوانی اور ایسے فوجداری قوانین ہیں جن کا شریعت سے تصادم آ سکتا ہے۔ کچھ دیوانی قوانین اور فوجداری قوانین اسلامی قوانین کے بنیادی تصورات سے مختلف ہیں اور ایسے قوانین ہیں جن کا شریعت سے بنیادی اختلاف موجود ہے۔ مثلاً قانون معاہدہ ہے، قانون بیع ہے قانون انتقال اراضی اور قانون انتقال جائیداد ہے۔ اس میں اگر کوئی دفعہ شریعت کے خلاف نظر آئے تو اس کو ہمیں منسوخ کرنا پڑے گا۔ اس دفعہ کی روشنی میں صرف ایک تہائی ایک چوتھائی حصہ قوانین جو ایسے سامنے آئیں گے جس کو ہم منسوخ کر کے عدالت کے سامنے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



متبادل چیز ہم رکھ سکتے ہیں۔ فی الحال عبوری دور کے لئے کہ ان دیوانی قوانین میں آپ کو یہ یہ چیزیں سامنے رکھنی ہوں گی اور اس سے رہنمائی لینی ہوگی۔

### عالم اسلام میں مدون اسلامی قوانین

عالم اسلام میں ہمارے سامنے بہت سے ایسے مجموعے آچکے ہیں جن پر بڑی محنتیں ہوئی ہیں۔ علماء نے، ججوں نے اور انتظامیہ نے ان قوانین کو مدون کیا ہے۔ سب سے پہلے مجلۃ الاحکام العدلیہ جو خلافت عثمانیہ میں دس بارہ یا سولہ سال کی محنتوں کے بعد مدون ہوا۔ اس کے انگریزی ترجمے بھی موجود ہیں۔ اگر عدالت ان ساری چیزوں سے رہنمائی حاصل کرے گی تو کوئی اختلاف یا انتشار یا پریشانی نہیں ہوگی۔ یہ مدون مجموعہ خلافت عثمانیہ میں بھی رائج رہا۔ اردن اور کویت اور دیگر کئی اسلامی ممالک میں عدالتیں اس کو سامنے رکھ کر اب بھی فیصلہ کرتی ہیں۔ اس کے علاوہ اردن میں اس سلسلے میں بڑا کام ہوا۔ اور انہوں نے اسلامی قوانین کا ایک انسائیکلوپیڈیا جو دیوانی مقدمات سے تعلق رکھتا ہے اور دو جلدوں میں وہ مجموعہ موجود ہے۔ وہ مجموعہ بھی ہم عدالتوں کے سامنے رکھ سکتے ہیں۔

اسی طرح مصر میں علماء، وکلاء اور ججوں کی رہنمائی میں بہت بڑا دیوانی اور فوجداری مجموعہ شائع ہوا ہے اور اس پر عمل ہوتا ہے اور علماء نے اس کو دیکھا ہے کہ اس میں قرآن و سنّت کے مطابق سارے دفعات بنائے گئے ہیں۔ یہ چیزیں اگر ہم ان عدالتوں کے سامنے رکھیں تو ہمارا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

### پرسنل لاء اور عدالتیں

شخصی قوانین جو پرسنل لا ہے جس میں نکاح، طلاق، وراثت، عدت اور ان چیزوں کے مسائل ہیں جو پرسنل لا کہلاتے ہیں۔ اس کے بارے میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ عدالت ہر مسلمہ اسلامی مکتب فکر جیسے اس کی جو واضح تعلیمات ہیں اس کو سامنے رکھ کر عدالت اس پر فیصلہ دے گی۔ کسی مکتب فکر کے حقوق پر بھی زد نہیں پڑے گی اور نہ کسی کا مواخذہ۔

### تشریح و تعبیر کا نہیں بلکہ تطبیق

اس طرح ہم یہ نہیں کہہ سکیں گے کہ ہم نے عدالت کو تعبیر و تشریح کا حق دیا۔ ہم عدالت کو تعبیر و تشریح کا حق نہیں دیتے بلکہ قوانین ان کے سامنے رکھ کر ان کو کہتے ہیں کہ بھئی آپ اس کو دیکھ کر فیصلہ کریں۔ آج بھی عدالت تشریح و تعبیر نہیں کرتی تطبیق کرتی ہے جو مروجہ قوانین ہیں۔ اس کی دفعات کو اپنے سامنے رکھ کر اپنی ذہنی استعداد اپنے تجربہ اپنے معلومات اور انکشاف حقائق کے بعد کسی دفعہ کا تطبیق کسی فیصلہ پر کراتی ہے یہی صورت اس وقت بھی ہوگی۔

### عقیدے سے ہم آہنگ قوانین کی وجہ سے عدالتیں محتاط رہیں گی

یہاں یہ کہا جاتا ہے کہ ہم نے موجودہ حالات میں اگر اسلامی قوانین ججوں کے حوالے کئے اور اس کے قوانین کے مطابق فیصلہ کرنے کا کہا تو معاشرہ خراب ہے۔ اور سارے طبقوں میں بددیانتی رچی بسی ہے تو پھر قرآن و

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سنت کا تقدس نہیں رہ سکے گا اور اس کے خلاف رشوت ستانی سے شریعت بچے گی اور دین کے مطابق فیصلے نہیں ہو سکیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم کوئی ایسی بات کرتے تو ہمیں ازالہ حیثیت عرفی اور توہین عدالت کی سزا دی جاتی۔ لیکن یہاں اس ملک میں شریعت بل پر بحث کرتے وقت کئی لوگوں نے مضامین، تقاریر کے ذریعے ججوں کو اور سب کو مطعون کر دیا۔ کہ پھر وہ ساری شریعت بیچ دیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ الحمدللہ ہر طبقے میں اچھے لوگ بھی ہیں ہمارے سارے ججوں کی دیانت پر شک نہیں ہے میں سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی قانون انسان نے نظریہ اور عقیدہ سے ہم آہنگ اور اس کو تصور آخرت ومحاسبۂ آخرت سے وابستہ کیا جائے تو اس پر انسان بڑی بیدردی اور جلدی سے فیصلہ نہیں کر سکتا۔ موجودہ قوانین اگر کسی جج کے سامنے ہیں تو اس کو کوئی جھجک نہیں کہ وہ اس کو صحیح طور پر چلائے یا نہ چلائے۔

وہ اس کو پتہ ہے کہ انگریزی قانون ہے اس کا کوئی تقدس میرے عقیدے میں نہیں اور نہ یہ میرے عقیدہ سے ہم آہنگ ہے۔ اسے یہ بھی معلوم ہے کہ اس قانون میں ایک دن میں ایک گواہ دس دس مرتبہ بک کر اندر آتا ہے اور وہی گواہ گواہی دیتا ہے۔ اس کو یہ بھی پتہ ہے کہ وکیل حقائق کو بدل رہا ہے ظالم کو مظلوم اور مظلوم کو ظالم بنا رہا ہے۔ پھر وہ کہے گا کہ جب سارا نظام ہی غلط طریقوں سے آرہا ہے تو مجھے کیا پابندی کرنی ہے ان قواعد کی؟ میں کیوں ہزار دس ہزار میں اس فیصلے کو نہ بدلوں۔ اور ان قوانین کو کیوں نہ بیچوں۔ لیکن اگر قرآن وسنّت سامنے رکھیں گے تو وہ کسی فیصلہ پر پہنچنے سے قبل ہزار مرتبہ سوچے گا۔ اور وہ اگر مسلمان ہو گا تو لرز اٹھے گا کہ اب اگر میں خدا اور رسولؐ کے فیصلوں کو بدلوں تو خدا اس کا مواخذہ مجھ سے کرے گا۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح راستہ بالکل آسان ہو جائے گا۔ اور رشوت ستانی، بددیانتی اور غلط فیصلوں کا سلسلہ بھی خود بخود رک جائے گا۔

**علماء سے استفادہ**

پھر بھی اگر انہیں کچھ مشکلات ہوں گی تو ہم نے اس میں ایک دفعہ رکھی ہے کہ علماء اور اسلامی علوم کے ماہرین سے مشورہ کیا جائے اور ان کی رہنمائی میں وہ چند دن کے لئے ان سے استفادہ کریں۔ اسی طرح ہم نے شریعت کورٹ میں یہ اصول تسلیم کر لیا ہے وہاں بھی یہی اصول اس لیے رکھا گیا کہ دونوں آپس میں مل کر افہام وتفہیم اور ایک دوسرے سے استفادہ کرنے کے بعد کسی صحیح نتیجے پر پہنچ جائیں۔ اگر یہاں بھی کسی جج کے ساتھ کوئی عالم بیٹھتا ہے اور ہمارے شریعت بل کی دفعہ نمبر ۱۰ کے مطابق وہ معاونین کے طور پر ان کی رہنمائی کرے تو اس سے کوئی قیامت نہیں ٹوٹ پڑے گی۔ یہ مشکلات ان کی اس طرح حل ہو جائیں گی۔

**ملّا ازم اور تھیا کریسی یا وسیع النظرفی**

اور پھر اس کے ساتھ ساتھ ہم نے یہ بھی کہا ہے جب کہ ہمیں کہا جا رہا ہے کہ یہ ملّا ازم ہم پر مسلط کیا جا رہا ہے۔ ملا ازم تو تب مسلط ہو گا کہ ہم کوئی ایسا قانون پاس کرواتے اور ہم آپ کے سامنے کوئی ایسا بل لاتے کہ سارا انتظامی ڈھانچہ ہی تبدیل کیا جائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سارے عدالتی نظام سے وابستہ اشخاص کو یکسر تبدیل کر کے ان کی بجائے اسلامی علوم کے ماہرین کو بٹھایا جائے اس وقت آپ کہہ سکتے تھے کہ یہ ملاازم اور تھیاکریسی مسلط کی جا رہی ہے۔ یہ تو علماء کی انتہائی وسیع النظری ہے کہ ہم نے سارے انتظامی اور عدالتی نظام کے ڈھانچے کو تبدیل کرنے اور اسے از سر نو نئے بنیادوں پر استوار کرنے کا مسئلہ نہیں اٹھایا۔ ہم نے کہا کہ فیصلہ یہی لوگ کریں۔ عدالتیں انہیں کے ہاتھ میں ہوں لیکن اصلاح کی طرف کوئی قدم بڑھ جائے ان کو مدون شکل میں قوانین دے جائیں اگر کوئی مشکلات ہوں تو علماء سے تعاون حاصل کریں۔ اگر انہی افراد کو آپ چند دنوں میں تربیت دیں گے اور ان کے سامنے جب ایک چیز کی ضرورت پیدا ہو جائے گی تو وہ بڑا ذہین طبقہ ہے وہ چند ماہ میں ان ساری مشکلات پر عبور حاصل کر سکتا ہے۔ آپ ایل ایل بی کے نصاب میں انقلابی اور بنیادی تبدیلیاں لائیں گے۔ اور جب اسلامی علوم کے تراجم انگریزی میں ان کے سامنے لائیں گے تو وہ اسلامی شریعت سے بھی باصلاحیت ہو کر نکلیں گے۔ آپ ان کی ریفریشر کورس فوری کروائیں اور یہ مجلۃ الاحکام العدلیہ اور جو مجموعے اسلامی ممالک کے ہیں باقاعدہ درساً ان کو پڑھا دیں۔ اور چھ مہینے کے اندر اندر تمام جج ان تمام اسلامی قوانین جو اسلامی ممالک میں مدون شکل میں رائج ہیں ان پر ان کو عبور حاصل ہو سکتا ہے۔

**عدالتوں کے فیصلہ میں تضاد کا اشکال**

یہاں یہ جھگڑا بھی بہت زیادہ اٹھایا گیا ہے کہ اس طرح عدالتوں کے فیصلوں میں اختلاف ہو گا۔ ایک جج ایک فیصلہ کرے گا تو دوسرا اس کے مخالف۔ اور اسلامی قوانین کے فیصلوں میں بہت بڑا تضاد پیدا ہو گا۔ عجیب بات ہے آج بھی یہی صورت حال ہے آج تعزیرات ہند کی شکل میں جو قوانین ان کے سامنے ہیں یا جو اور قوانین ہیں ان سارے قوانین کے ہوتے ہوئے سارے جج ایک ہی فیصلہ نہیں کرتے۔ راولپنڈی کا جج ایک قسم کے کیس میں جو فیصلہ کرتا ہے۔ بدین اور کوئٹہ کا جج اور حیدرآباد اور کراچی کا اور ساہیوال کا جج اسی قسم کے فیصلے پر نہیں پہنچتا۔ فیصلے مختلف ہوتے ہیں جب کہ قانون ایک ہی سامنے ہوتا ہے۔ متضاد فیصلے آتے ہیں۔ آگے عدالتوں میں جا کر ان کی تنقیح ہوتی ہے اور چھوٹی بڑی عدالت سے گزرتے گزرتے پھر ہائیکورٹ پھر سپریم کورٹ سے اس کی باقاعدہ ایک متعین تعبیر سامنے رکھ دی جاتی ہے۔ اب متعین تعبیر جب سامنے آتی ہے تو پھر ساری عدالتیں اس کی پابند ہو جاتی ہیں تو یہاں بھی اگر کسی مسئلہ میں تضاد آیا تو اس کو حق ہو گا کہ اوپر اسلامی ہائیکورٹ یا شرعی کورٹ میں جائے۔ تو یہ تضاد خود بخود ختم ہو جائے گا۔

**جمہوریت اور پارلیمنٹ پر قدغن کا اشکال**

یہاں پر یہ اشکال بھی بہت سے لوگوں نے اٹھایا ہے کہ اس بل سے پارلیمنٹ اور جمہوریت پر قدغن لگ جائے گی۔ حالاں کہ یہ بالکل غلط تصور ہے ہماری جمہوریتوں اور غیر مسلموں کی جمہوریتوں میں فرق ہے ہم نے بالکل مغربی جمہوریت کو اپنے تصور میں بٹھا رکھا ہے کہ مسلمان بھی اسی ڈگر پر من وعن چلے گا تو یہ معاملہ کسی مسلم معاشرہ کے ساتھ چل ہی نہیں سکتا۔ ان کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جمہوریت حلال وحرام جائز اور ناجائز یا قرآن وسنت اور خداوند تعالیٰ کی بالادستی سے بالکل عاری ہوتی ہے۔ یہاں ہم نے قرارداد مقاصد کو آئین کا حصہ بنا دیا اور ہم نے کہا ہے کہ حاکمیت اعلیٰ اللہ تعالیٰ کی ہوگی۔ اور سا ونہی جب ہم نے ان کو دی ہے تو ہم جمہوریت اور پارلیمانی اداروں کو کھلی آزادی نہیں دے سکیں گے۔ بے شک وہ سارے مسائل کے حل وعقد کو سوچیں گے۔ اور اس کے بارے میں فیصلے کریں گے لیکن اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کے کچھ متعین حدود ہیں اس کے وہ پابند رہیں گے۔

## اسلامی اور غیر اسلامی جمہوریت

ہم یہ نہیں کر سکتے کہ پارلیمنٹ کو کھلی چھٹی دے دیں اور اس پر کوئی قدغن نہ ہو اگر یہ قدغن ہے تو پھر قرارداد مقاصد کو آئین کا حصہ نہیں بنانا چاہئے۔ یہ قدغن ہمارے آئین نے پہلے سے پارلیمنٹ پر لگا دی ہے پھر اس کے بعد میں نے جو عملی مشکلات بیان کی ہیں یہ مانا کہ ہم کلی طور پر تدوین قوانین کا کام اگر ہم پارلیمنٹ کے حوالے کر دیں تو اس کے لئے ہمیں صدیاں درکار ہوں گی۔ کسی مسئلے کے نتیجے پر پہنچنے کے لئے اور تیرا سیم پر پھر اس کو رد کرنے پر اور دو تہائی اکثریت حاصل کرنے پر ایک عمر درکار ہوگی۔ خدانخواستہ کل کوئی ایسی حکومت آتی ہے جو لادینیت کی علمبردار ہے اور وہ سیکولرازم اور سوشلزم کے نام پہ آتی ہے۔ جیسے پہلے بھی اس قوم کے ساتھ ایسا ہوا۔ تو آپ پارلیمنٹ کو کھلا کھلا حق دے سکتے ہیں کہ اب یہ ملک اسلامی جمہوریہ نہیں۔ اور پارلیمنٹ یہ فیصلہ کر دے کہ اب یہ سیکولر اسٹیٹ ہے۔ اس طرح تو پھر ملک کی بنیادیں ہی ہل جائیں گی۔ وہاں بھی آپ کو قدغن لگانی ہوگی کہ کوئی پارلیمنٹ ان حدود کے اندر رہ کر وہ اپنے مسائل طے کرے گی۔ پھر پارلیمنٹ کو ہم نے یہ نہیں کہا کہ وہ انتظامی امور میں بھی بے دست و پا ہوگی۔ نہیں تمام ملک میں اسلامی قوانین نافذ کرنا تنفیذ کی ساری صورتیں سوچنا، پارلیمنٹ کو اس کا کلی اختیار حاصل ہوگا۔ اس کا کام اللہ تعالیٰ کے احکام اور فرامین کا نفاذ ہے اور یہ بہت بڑا اعزاز ہے جو پارلیمنٹ کو حاصل رہے گا۔ تجارت کے امور ہیں، داخلی اور خارجی سیاست اور بیرونی ممالک سے تعلقات اور اسی طرح ہزاروں شعبے اور مسائل ہیں جن کے مسودے پارلیمنٹ کے سامنے آتے رہیں گے اور اس پہ کوئی قدغن اس بل کی وجہ سے عائد نہیں ہو سکے گی۔

## شریعت کے بنیادی مآخذ اور ترجیحات

پھر جناب والا ہم نے عدالت کو اسلامی قوانین کے مطابق فیصلہ کرتے ہوئے اس کی حدود مقرر کر دی ہیں کہ وہ کن چیزوں کے مطابق فیصلہ کرے گی۔ اس کی ترجیحات بھی ہم نے متعین کر دی ہیں کہ کسی عدالت کے سامنے ترجیحی ترتیب کیا رہے گی۔ اس میں ہم نے لکھا ہے کہ بنیادی چیز قرآن وسنت کو ملحوظ رکھ کر وہ فیصلہ کرے گی۔ پھر اس کے بعد ہم نے اس بل میں اجماع اور قیاس کا ذکر کیا ہے۔ ہم نے یہ نہیں کہا کہ چاروں چیزوں کی حیثیت ایک جیسی ہے ہم نے ترجیحی بنیاد پہ کہ پہلا نمبر قرآن کا ہے۔ دوسرا نمبر سنت کا ہے تیسرا نمبر اجماع کا ہے۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۔ چوتھے نمبر پہ قیاس ہے جسے اجتہاد کہا جاتا ہے یہ چاروں چیزیں خود قرآن کریم نے متعین کر دی ہیں۔

**قیاس اور اجتہاد**

قرآن نے خود قیاس کو اجتہاد کو بھی ماخذ قانون بنایا ہے۔ اجماع کو بھی ماخذ قانون بنایا ہے۔ سنت کو بھی ماخذ قانون بنایا ہے۔ ہم نے یہ چاروں چیزیں رکھ کر قرآن و سنت کی خلاف ورزی نہیں کی ہے۔ بلکہ اس کے مطالبات اور تقاضے پورے کئے ہیں۔ اگر کوئی سنت کو رکھتا ہے تو سارا قرآن کہتا ہے کہ سنت بھی قرآن کی طرح تشریعی حیثیت رکھتا ہے۔

ما اتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتھوا (الآیۃ)

اور پھر ایسے ہی سینکڑوں آیات آپ کے ذہن میں ہوں گے۔ کہ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی ان کی سنت کو بھی وہی تشریعی حیثیت اللہ نے دی ہے۔ پھر خدا نے خود کہا ہے کہ

فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون۔

کہ کسی معاملہ میں آپ کی رہنمائی نہیں ہو سکتی تو اہلیت والے صلاحیت والے حضرات سے پوچھا کرو۔ پھر حضور اقدس ص نے خود اس کو واضح کیا اور حضرت معاذ بن جبل رض کو یمن بھیجتے ہوئے کہا کہ:

"تمہیں میں اپنا نائب اور نمائندہ بنا کر بھیج رہا ہوں۔ اور جج بنا کر بھیج رہا ہوں۔ آپ کس چیز پہ فیصلہ کریں گے انہوں نے کہا۔ کتاب اللہ کو سامنے رکھ کر فیصلے کروں گا۔ پھر پوچھا کہ اگر کتاب اللہ میں آپ کو وہ چیز نہ ملے وہ موجود نہ ہو یا آپ کا ذہن وہاں تک نہ پہنچ سکے۔ پھر فیصلے کس چیز کی روشنی میں کرو گے۔ انہوں نے کہا سنت۔ سنت رسول ص کو سامنے رکھ کر فیصلے کروں گا۔ پھر حضرت نے فرمایا کہ ان دو ماخذوں میں آپ کو کوئی مسئلہ نہ ملے۔ معلوم ہو گیا کہ ہر چیز صرف قرآن و سنت سے ہمیں نہیں مل سکتی۔ اس میں ہزاروں چیزیں ہوں گی لیکن ہمارا ذہن تا رسا وہاں تک نہیں پہنچ سکے گا۔ تو وہاں معاذ بن نے کہا کہ اجتہد برأیی کریں اجتہاد کروں گا۔ قرآن و سنت میں اگر ہو تو پھر اجتہاد نہیں کروں گا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

الحمد للہ الذی وفق رسول رسولہ۔

الحمد للہ کہ جس نے اپنے رسول ص کے قاصد کو صحیح اور حق بات کہنے کی توفیق دی۔ اور اس نے صحیح کہا۔

**اجتہاد اور شریعت بل**

اب ہم نے اجتہاد کی گنجائش رکھی ہے۔ اس بل میں اور قیاس کے الفاظ میں اس کی تعبیر کی گئی ہے اگر ہم یہ گنجائش نہ رکھتے تو پھر یہ طوفان اٹھایا جاتا کہ دیکھئے مولوی لکیر کا فقیر ہے کہ وہ ہمیں اجتہاد سے روکتا ہے اور اجتہاد کا دروازہ تو بند نہیں۔ خدا اور رسول ص نے کھلا چھوڑا ہے اب مولوی ہمیں بالکل جمود اور تعطل میں ڈالنا چاہتا ہے۔ اجتہاد کا بھی دروازہ بند کر دیا۔ یہ طوفان اٹھتا۔

اب جب ہم نے صحیح اسلامی تعلیمات اور حالات کی روشنی میں کہ قیامت تک یہ دین اٹل ہے اور ہزاروں لاکھوں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسائل ایسے پیش آسکتے ہیں جن کا قرآن و سنت میں صراحتاً ذکر نہ ہو۔ اور یہ اسلام قیامت تک چیلنج ہے اس کے لئے اجتہاد ضروری تھا اور اجتہاد کے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے تھے۔ تو پھر یہ طوفان اٹھایا گیا کہ انہوں نے قرآن و سنت پر اکتفا نہیں کیا اس میں انہوں نے اجتہاد کا دروازہ کھول دیا ہے۔ اگر چہ یہ مشکل والا معاملہ ہے۔ پھر یہ ضرور ہے کہ جب یہ اصطلاحات یہاں آگئے ہیں تو سب سے بڑا پیچیدہ مسئلہ اجتہاد کا بنا دیا ہے۔

## اجتہاد اور متضاد انتہاپسندانہ رویئے

اجتہاد کے بارے میں بھی آپ کے چند قیمتی منٹ لوں گا کہ اس کا تمام چیزوں سے بنیادی تعلق ہے۔ اجتہاد کے بارے میں معاشرے میں انتہائی متضاد قسم کی غلط فہمیاں پھیلی ہوئی ہیں اور کوئی ایک انتہا پہ جاتا ہے کوئی دوسری انتہا پہ۔ اس میں معتدل راستہ لوگوں کے سامنے عموماً چھپ جاتا ہے۔ کبھی تو اجتہاد کی تعبیر ایسی کی جاتی ہے کہ اجتہاد کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ قطعاً کسی کو حق نہیں ہے یہ ایسی انتہا ہے جو جمود و تعطل ہے۔ اور ایک ایسے دین کے ساتھ جو تا قیامت جامع آفاقی اور ہمہ گیر ہے اس کے ساتھ ایسی بات کرنا مذاق ہے۔ پھر اجتہاد کی دوسری تعبیر یہ کی جاتی ہے کہ اس میں کھلی آزادی ہے۔ جیسے کوئی چاہے اپنی عقل اور رائے کے مطابق بغیر کسی قدغن و حدود کے فیصلہ کر دے۔ ایسا کرنا تحریف اور الحاد کی طرف لے جاتا ہے نہ وہ اجتہاد کے بارے میں صحیح رائے ہے نہ یہ اجتہاد کے بارے میں صحیح رائے ہے۔

## اجتہاد کے نام پہ تحریف والحاد

آپ کو معلوم ہے کہ تاریخ میں کتنا بڑا ظلم اجتہاد کے نام سے اسلام کے ساتھ ہوا ہے تاریخ میں ہمیشہ اسلام کو مسخ کرنے کی کوشش اس اجتہاد کے ذریعہ کی گئی جس کا انتہائی غلط معنی لیا گیا۔ فرق باطلہ کا آغاز قرامطہ باطنیہ معتزلہ و خوارج اور الملل والنحل جس میں فرق باطلہ کی ساری تاریخ مرتب ہوئی ہے۔ وہ ساری تاریخ بھری ہوئی ہے۔ اس غلط اجتہاد کا سہارا اور آڑ لے کر لوگوں نے کس کس طرح قرآن و سنّت کے ساتھ مذاق کیا۔ اور تحریف کا راستہ کھولا گیا۔ حالاں کہ اجتہاد ایک دو دھاری تلوار کی طرح ہے کہ وہ حفاظتِ جان کا بھی ذریعہ بن سکتا تھا اور دوسروں کی ہلاکت کا ذریعہ بھی۔ اجتہاد کا معاملہ بالکل پل صراط جیسا نازک ہے۔ کہ وہ تلوار سے زیادہ تیز اور بال سے زیادہ باریک ہے۔ اس پہ چلیں گے تو اس جہنم اور ان مشکلات کو عبور کر کے پہنچ جائیں گے آگے اور ذرا بھی بے احتیاطی کی تو نیچے جہنم کے گڑھے میں پہنچ جائیں گے۔

آپ دیکھئے اس ملک میں ہمارے ایک بہت بڑے دانشور تھے جن کے مضامین چھپتے ہیں جن کی بڑی شہرت ہے اس ملک میں اس نے کہا کہ السارق والسارقۃ فاقطعوا ایدیھما اس نے اجتہاد کیا۔ اس کا معنی تو یہ ہے کہ چور مرد اور چور عورت کا ہاتھ کاٹ دو۔ قطع ید کی سزا دو۔ اور یہ واضح الفاظ تھے۔ سارق کا معنی بھی معلوم تھا اور قطع ید کا مفہوم بھی واضح۔ لیکن نیشنلائزیشن کا زمانہ تھا سوشلزم کی باتیں ہو رہی تھیں۔ اس دانشور نے کہا کہ السارق والسارقۃ سے مراد سرمایہ دار مرد اور سرمایہ دار عورت ہے۔ اور فاقطعوا ایدیھما سے مراد یہ ہے کہ اس کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کارخانوں کو اس کی صنعتوں کو چھین لو۔ اس کے ہاتھ اس سے کٹ گئے۔ عجب کہ اس کی یہ تعبیر خود دو سو سال میں اس سے پہلے کہیں کی گئی تھی۔ یہاں ہمارے ایک بہت بڑے دانشور نے جو اب وفات پا چکے ہیں اور سنت کے منکر تھے اور اجتہاد کے بڑے علمبردار تھے۔ اس نے کہا۔ یسئلونک عن المحیض۔ قل هو اذى اب یہ ظاہر بات ہے سب حضرات علماء و فضلاء ہیں محیض سے کیا مراد ہے کہ ماہواری کے ایام میں جو تکلیف ہوتی ہے خواتین کو اس حالت میں اللہ تعالیٰ حکم بیان کرتا ہے کہ اس حالت میں معاملات اور تعلق کیسا رہے گا۔ اللہ نے کہا کہ یہ بیماری کے ایام ہیں اس میں دور رہنا چاہیئے۔ مگر اس شخص نے یوں ترجمہ کیا کہ

یسئلونک عن المحیض کہ یہ سرمایہ دارانہ نظام کے بارے میں آپ سے پوچھتے ہیں کیونکہ بینکنگ سسٹم کی وجہ سے وہ ساری دولت جمع ہو جاتی ہے اور اکتناز دولت ہوتا ہے اور محیض کا معنی جمع کرنے کی جگہ۔ تو یہ بینکاری سسٹم اور سارا قل هو اذى یہ گندہ ہے اور غلط ہے۔ اس کو ختم کر دو۔ اور کمیونزم کو اس ملک میں نافذ کر دو۔ یہ غلام احمد پرویز تھا اس پر کئی صفحے سیاہ کئے ہیں۔ ان کی تفسیر میں اس کا ترجمہ یہ ہے۔

○ جناب چیئرمین۔ مولانا اس لئے کہا گیا ہے کہ

ولے تاویل شاں در حیرت انداخت
خدا و جبرئیل و مصطفیٰ را

○ مولانا سمیع الحق۔ پھر ہمارے یہاں ایک اور روشن خیال آ گئے۔ ڈاکٹر فضل الرحمٰن۔ پورا ادارہ تحقیقات اسلامی اس غلط اجتہاد کی بھینٹ چڑھا دیا گیا۔ اس نے کہا یہ سارا اَن ٹچ سود جائز ہے اور قرآن میں ہے کہ لا تأكلوا الربوا اضعافا مضاعفة کہ سود کو چند در چند، دوگنا، سہ گنا، چہار گنا مت کھاؤ۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سود مرکب حرام ہے۔ اور سود مفرد سارا حلال۔ اس نے کہا کہ قرآن پاک میں ہے کہ کوئی عورت عفت چاہتی ہو تو اس کو فحاشی پہ مجبور مت کرو لا تکرهوا فتیاتکم علی البغاء ان اردن تحصنا۔ اور اگر کوئی عورت فحاشی کو پسند کرتی ہے اور وہ بازارِ حسن میں بیٹھنا چاہتی ہے اور وہ عفیف رہنا نہیں چاہتی تو کسی کو یہ حق نہیں کہ وہ اس کو روکے۔ اب اس قرآن کریم کی آیات سے اس نے شراب کو حلال کر دیا۔ سود کو بھی، زنا کو بھی۔ اور اس نے کئی مضامین لکھے تھے کہ اس وقت جو شراب بیئر وغیرہ چل رہی ہے یہ وہ ساری شراب نہیں ہے جس کا ذکر قرآن کریم میں ملتا ہے۔ یہ حلال ہے۔ اس طرح مغربی تہذیب کی جتنی خرابیاں اور لعنتیں مسلم معاشرے میں موجود ہیں اس کے لئے مستشرقین نے اور جو متجددین ہیں اور ماڈرن ازم کے علمبردار ہیں انہوں نے اجتہاد کا سہارا لیا اور ان ساری چیزوں کو مباحات کا درجہ دے دیا۔ خواہ وہ رقص و سرود تھا یا تصویر کا مسئلہ۔ ان تمام چیزوں کو حلال قرار دیا۔

**اجتہاد کے بارہ میں غلط رویہ**

اس لئے ہمیں اجتہاد کے مسئلے کو اس طرح کھلا نہیں چھوڑنا ہو گا۔ کہ ان سے مکمل



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جس طرح انسان چاہے اجتہاد کر دے۔ پھر اجتہاد کے بارے میں یہ رائے کہ عقل اور رائے میں جو بھی فیصلہ آجائے وہ دے دو۔ اس قسم کی تعبیر کسی کے ہاں بھی مسلمانوں کے دور میں نہیں رہی۔ کہ ہر مسئلے میں اجتہاد کیا جائے گا۔ یہ تو معاذ ابن جبلؓ کی اس حدیث میں واضح ہے کہ قرآن وسنت میں اگر کوئی چیز نہ ہو تو اس معاملے میں اجتہاد کر سکتے ہیں اگر کوئی ایسی بات تھی کہ ہم کو ہر معاملے میں عقل وانصاف اور رائے کے مطابق کھلی آزادی ہوتی اور ہم فیصلے دے سکتے اور اس کے مطابق ہم جس طرح چاہتے اس پارلیمنٹ میں قانون بنا لیتے۔ تو پھر تو انبیاء کرام کی بعثت کی ضرورت نہ تھی اور نہ ہی اللہ تعالیٰ کو ہر دور میں وحی اتارنے کی ضرورت ہوتی۔

○ مولانا کوثر نیازی۔ پوائنٹ آف آرڈر

○ جناب چیئرمین۔ جی مولانا صاحب۔

○ مولانا کوثر نیازی۔ جناب والا مجھے مولانا سمیع الحق صاحب کی وسعت علم کا اندازہ ہے اور میں ان کا بڑا معترف ہوں مگر اب تک جتنی مثالیں انہوں نے پیش کی ہیں وہ تفسیر بالرائے کی مثالیں ہیں غلط اجتہاد کی انہوں نے کوئی مثال پیش نہیں کی۔ وہ اگر غلط اجتہادات کے بارے میں بھی روشنی ڈالیں تو شاید زیادہ مناسب ہوگا۔

○ جناب چیئرمین۔ مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق۔ تفسیر بالرائے کی علماء نے یہی تعبیر کی ہے اس کو تحریف بھی کہتے ہیں اور الحاد بھی یہی اجتہاد ہے کہ تفسیر کئے بغیر اس کے آگے پیچھے سیاق وسباق کو کاٹ کر عربی لغتوں کو دیکھ کر موضوع کو سامنے رکھ کر یا اس طرح مختلف طریقوں کو سامنے رکھ کر اجتہاد کر لیتے ہیں اگر وہ تفسیر بالرائے ہے یا الحاد ہے یا تحریف ہے تو اسے ہم اجتہاد کہیں گے اجتہاد کا معنی ہے کہ کسی جدوجہد کے ذریعے ایک چیز تک پہنچنا اس پر ذہنی اور فکری صلاحیتیں لگانے کے بعد کسی ایک نکتہ پر پہنچنے کو اجتہاد کہتے ہیں۔

بہر حال میں عرض کر رہا تھا کہ پھر انبیاء کرام کتاب وسنت اور اسلامی تعلیمات کی ضرورت ہی نہ ہوگی۔ بلکہ اللہ نے واضح طور پر کہا ہوتا کہ جن انسانوں کو میں نے پیدا کیا ہے اور اب جس معاملے میں ان کی رائے اور عقل فیصلہ دے دے تو اس کے بارے میں فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو مذہب کی پابندیوں کی وحی اور تعلیمات الٰہی کی پابندیوں کی ضرورت ہی نہ تھی۔

**نئے اجتہاد کے نام سے چودہ سو سالہ ذخیرہ اور عظیم سرمایہ نظر انداز نہیں کیا جا سکتا**

اس کے علاوہ اجتہاد کے بارے میں ایک دوسرا تاثر یہ ہے یہ پہلے کی طرح تو نہیں ہے کہ بالکل انہیں کھلی چھٹی ہے کہ قرآن وسنت کو بھی بالکل سامنے نہ رکھیں اور اجتہاد کریں لیکن اجتہاد کے بارے میں دوسرا تاثر رکھنے والوں کا پھر بھی یہ خیال ہے کہ گویا قرآن آج پہلی بار ہم پر نازل ہوا ہے اس کے معنی متعین کرنے کے بارے میں اس کی تعبیرات اور تشریحات کریں گے؟ ایسا بالکل نہیں ہے۔ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے پہلے شاگرد اور قرآن و سنت کے پہلے مخاطب تھے۔ صحابہ کرامؓ نے اس کی تعبیرات و تشریحات متعین کیں۔ پھر خلفائے راشدین نے متعین کیں۔ پھر تابعین نے ساری زندگیاں تحصیل علم کے لیئے وقف کیں۔ ان صلاحیتوں کو حاصل کرنے کے لیئے انہوں نے کیا کیا ریاضتیں کیں۔ یہ پوری تاریخ آپ کے سامنے ہے۔ انہوں نے روکھی سوکھی کھائی۔ ننگے بھوکے رہے۔ چٹائیوں پہ ساری زندگیاں گذاریں۔ حضورؐ کے زمانے میں جو تعلیمات آئی تھیں اس کی تشریح میں وہ لگے رہے۔ پھر فقہائے امت نے اس پہ بڑی محنتیں کیں۔ ان چودہ سو سالہ محنتوں کے ساتھ ساتھ ہمارے سامنے ایک بہت بڑا ذخیرہ اجتہادات کا رکھ دیا۔ اب اگر کوئی مسئلہ سامنے آئے گا اور ہم کہیں گے کہ سارا چودہ سو سالہ ذخیرہ سے صرف نظر کریں۔ اس طرح کا تو اپنی تاریخ ثقافت اور کلچر کے ساتھ کسی قوم نے ایسا ظلم نہیں کیا ہو گا۔

## رائج الوقت قوانین کا دفاع کرنے والے دقیانوسیت میں مبتلا ہیں

جناب والا! از سر نو فقہ کو ادھیڑ کر بیٹھ جانے کا مطلب یہ ہے کہ ہماری چودہ سو سال کی پرانی محنتیں ضائع ہو گئیں۔ اور ہم پھر چودہ سو سال پیچھے چلے جائیں۔ اسی کو رجعت قہقہری کہتے ہیں اسی کو دقیانوسیت کہتے ہیں جس کا طعنہ علماء کو دیا جاتا ہے۔ پھر ان لوگوں کو تو اس بات کا بڑا غم ہے کہ سو سال موجودہ تعزیرات پر محنتیں ہوئیں اور فیصلے عدالتوں نے کیئے ہیں اور وہ تمام ذخیرے جو سو سال کی محنت سے تیار ہوئے وہ ہم سے ضائع ہو گئے حالاں کہ وہ سو سالہ محنتیں ایک غیر مسلم قوم کے قانون پہ ہوئی تھیں۔ یعنی انگریز کے قانون پہ۔ پھر چودہ سو سال تک اس تمام ذخیرے پہ جو عظیم محنتیں ہوئی ہیں اس کا ہمیں کوئی دکھ نہیں ہو گا۔

ہماری اہلیت، ہماری صلاحیت، ہماری ذہانت، ہماری دیانت، ہمارا تقویٰ اور ہماری محنتیں، ہمارا علم، غرض یہ ساری چیزیں ان لوگوں کے برابر تو نہیں ہیں اگر وہ لوگ چودہ سو سال میں نہیں سمجھ سکے تو پھر اسلام کو تو لپیٹ کر کے بالائے طاق رکھنا چاہئے کہ چودہ سو سال سے اس کی تعبیر کسی کی سمجھ میں نہیں آئی۔ اس لئے ہم آج نئے سرے سے بیٹھ کر اس کو سمجھنے کی کوشش کریں گے۔

جناب والا! بہر حال اسلام میں اجتہاد ہے۔

پروفیسر خورشید احمد۔ جناب والا! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین! پروفیسر خورشید احمد

پروفیسر خورشید احمد۔ میں مولانا صاحب کی فاضلانہ تقریر کو انٹرپٹ نہیں کرنا چاہتا تھا۔ مگر آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرا رہا ہوں کہ ہم اس وقت ایک نہایت ہی اہم موضوع پر بحث کر رہے ہیں لیکن اس وقت ایک بھی باقاعدہ وزیر ایوان میں موجود نہیں ہے جس سے کہ گورنمنٹ کی کم از کم ٹوکن نمائندگی ہو۔ یہ معاملہ افسوسناک ہے مولانا صاحب اپنی تقریر جاری رکھیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



○ مولانا سمیع الحق ۔ تو حضور والا! اجتہاد کی گنجائش ہے۔ اب اس کی صورت کیا ہے۔ ایک مسئلہ ہمارے سامنے آئے گا تو یہ دیکھا جائے گا کہ جن چیزوں کا حل قرآن و سنت میں واضح طور پر طے کیا گیا ہو گا اور وہ موجود ہو گا اس کے بارے میں ہم اجتہاد نہیں کریں گے۔ مثلاً زکوٰۃ ہے۔ صلاۃ ہے اور حج ہے وغیرہ۔

○ جناب چیئرمین! ایک منٹ۔ پروفیسر خورشید احمد کے پوائنٹ آف آرڈر کا یہ فائدہ تو ہوا ایک باقاعدہ وزیر بہ نفس نفیس ہاؤس میں تشریف لے آئے ہیں۔

○ جناب عبدالرحیم میرداد خیل ۔ وزیر مذہبی امور تو ایوان میں موجود نہیں ہیں۔

○ جناب چیئرمین! اس کا تعلق وزیر قانون ہی سے ہے۔

○ مولانا سمیع الحق! جناب والا! میں بھی عرض کروں گا کہ مجھے بھی معلوم نہیں تھا کہ جناب وسیم سجاد صاحب (وزیر انصاف و قانون) ایوان میں موجود نہیں ہیں اگر وہ اتنے اہم موضوع پر تقریر کے وقت ایوان سے چلے گئے تھے تو میں بھی اس پر اظہار افسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ میں مطمئن تھا کہ چلیے! وزیر قانون تو ہاؤس میں موجود ہوں گے۔ بہرحال خدا کا شکر ہے کہ اگر صبح کا بھولا ہوا شام کو واپس گھر آیا ....

**اجتہاد کے حدود و قیاس**

تو جناب والا! جس چیز کا حل قرآن و سنت میں موجود ہو اس کے بارے میں اجتہاد نہیں ہو سکتا۔ آج زکوٰۃ کے معنی کے بارے میں کوئی نئی شے مقرر نہیں کر سکتا۔ اور نہ ہی اس میں کوئی کمی بیشی کر سکتا ہے اسی طرح صلاۃ کے معنی متعین کرنے میں کوئی اجتہاد نہیں کر سکتا۔ یہ قطعیات دین ہیں یا اس کو ضروریات دین کے عنوان سے علمی اصطلاح میں تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح حج اور قربانی اور صدقات الفطر یہ ساری چیزیں واضح ہیں اس کے بعد یہ دیکھا جائے گا کہ فقہاء، صحابہ کرام اور فقہائے امت کی آراء اس کے بارے میں کچھ ہیں کہ نہیں اگر یہ ساری چیزیں سامنے آتی ہیں کہ کسی چیز کے بارے میں کوئی حکم نہیں ملتا۔ مثلاً آج ہزاروں مسائل سامنے آگئے ہیں آنکھوں کا عطیہ ہے خون کا مسئلہ ہے اور ٹیوب بے بی وغیرہ۔ اس قسم کی کئی چیزیں سامنے آ رہی ہیں ان کے بارے میں ہم نے قرآن و سنت فقہا کے اصول اور مصطلحات جو ہیں ان سب کو سامنے رکھ کر حدود و قیود میں رہتے ہوئے ان مسائل کو حل کرنا ہے اور شریعت کی اصل مراد کو سمجھنے کی کوشش کی جائے گی۔ اور اس کے جائز یا ناجائز ہونے کا فیصلہ کیا جائے گا اس صورت میں ہمیں اجتہاد کا حق حاصل ہے۔ اس کا دروازہ کسی نے بند نہیں کیا۔ جو دروازہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے کھولا ہے۔ اس کو کوئی بند نہیں کر سکتا۔

**ہر معاملہ میں فن اور اہلیت ملحوظ رہتی ہے**

لیکن اجتہاد کے لئے لازمی بات ہے کہ اس کے لئے اسلامی ماہرین ہوں جیسے ہر فن کے لئے اہلیت اور فنی صلاحیت ملحوظ رکھی جاتی ہے جیسے طبیب کے لئے طب اور میڈیکل سائنس میں ماہر ہونا ضروری ہے۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپ کسی بڑھئی کو یا کسی اور فن کے مستری کو چاقو یا قینچی ہاتھ میں نہیں دے سکتے کہ آئیے ! ذرا مریض کے پیٹ میں درد ہے یا اس کے دل میں نقصان ہے آپ اس کا آپریشن کر لیں آپ کہیں گے کہ اہلیت والوں کو دکھائیں۔ اسی طرح قانون کی تعبیر کرتے ہوئے آپ وکیل سے رجوع کریں گے۔ یہ نہیں ہوتا کہ آپ کسی انجینئر کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ آپ اس مقدمہ میں آپ پیروی کریں تو جب انجینئرنگ میں انجینئر اور طب میں طبیب اور قانون کی تعبیر کے لئے جج اور وکیل کی اہلیت ضروری ہے تو اسلام کی تعبیر اور اسلامی قوانین کے بارے میں رائے کا اظہار اور اجتہاد کرنا بہت بڑی بات ہے اس کے لئے بھی لازماً مطلوبہ اہلیت اور صلاحیت اور یہ ساری چیزیں ہم نے ملحوظ رکھنی ہوں گی۔ اگر وہ مطلوبہ مہارت اور صلاحیت اپنے اندر رکھتا ہے تو اس کو اجتہاد کا حق حاصل ہوگا۔

## اجماع اور قیاس

اسی طرح ماضی میں جو اجتہادات کئے گئے ہیں ہم دیکھیں گے کہ انہوں نے قرآن و سنت کو سامنے رکھا ہے اور یہ بھی دیکھیں گے کہ اب بھی اس مسئلے میں وہی اسباب ہیں اور وہی مقتضیات ہیں، وہی علل ہیں اور مقیس اور مقیس علیہ ایک ہے اور جو چیز ان میں قدر مشترک ہے اسباب کا وہ بھی ایک ہے اور اس پر انہوں نے ایک فیصلہ کیا ہے اگر پوری امت نے اور اکثریت نے اسی طرح فیصلہ کیا ہے ائمہ اربعہ اور تمام ائمہ اس پر متفق ہیں تو ہم اس کو اجماع کہیں گے۔ کہ انہوں نے اجتماعی اجتہاد کیا۔ اب اجتماعی اجتہاد کے نتیجے میں ایک فیصلہ ہمارے سامنے آیا جس کی تعبیر ہم اجماع سے کرتے ہیں ہم اجماع سے پھر ادھر ادھر نہیں ہٹ سکیں گے ساری امت کے اکابر اور اہلیت رکھنے والے وہ تو غلطی پر نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ ان کے دلائل ہم نے دیکھے ان کے ماخذ کو ہم نے جانچا ان کے اسباب اور مقتضیات اور علل کو ہم نے پرکھا پھر یہ ہماری ڈھٹائی ہوگی کہ ہم کہیں کہ یہ سب کچھ ٹھیک ہونے کے باوجود ہم کہیں کہ ہم ان سب کو مسترد کرتے ہیں۔ اگر وہ فیصلے انفرادی ہوں گے تو پھر ان کو مسلمہ فقہا کے اجتہادات اور تعبیرات جس کا ذکر شریعت بل میں ہے تو ہم نے انفرادی فیصلوں کو بھی ملحوظ رکھا ہے اور اجتماعی فیصلوں کو بھی۔ ایک کی تعبیر اجماع سے کی گئی ایک کی تعبیر قیاس سے کی گئی اور قرآن و سنت نے خود ان چیزوں کو ملحوظ رکھا تھا تو ہم نے اس شریعت بل کی دفعہ ایک میں تعریف میں قرآن و سنت سے کوئی حکم عدولی نہیں کی۔

## بل میں ہم نے تحریف کا راستہ بند رکھا اجتہاد کا نہیں

اور اگر ہم صرف قرآن و سنت رکھیں گے تو آگے ہم بالکل نہیں چل سکیں گے اور تفسیر بالرائے کا جیسے مولانا نے فرمایا اور تحریف کا اور الحاد کا دروازہ کھل جائے گا ہم نے اس الحاد کے دروازے کو کھولنا نہیں تھا اور امت کو مسائل اور انتشار اور بحرانوں میں ڈالنا نہیں تھا اور امت کو اباحیت اور مغربیت کی طرف جانے سے روکنا تھا۔ تو ہم نے شریعت بل میں تحریف کا راستہ بند کیا لیکن اجتہاد کا راستہ ہرگز بند نہیں کیا۔

## شریعت بل اور فرقہ واریت کا پروپیگنڈہ

میں ان تفصیلات میں — زیادہ تفصیلات چھوڑتے ہوئے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دوسرے نقطے کی طرف آتا ہوں کہ پورے ملک میں یہ کہا گیا کہ شریعت بل سے فرقہ واریت پھیلے گی۔ اور شریعت بل سے انتشار پیدا ہو جائے گا اور آپس میں جو جھگڑے ہیں وہ اور بھی بڑھ جائیں گے۔ حالاں کہ ہمارا دعویٰ ہے کہ شریعت بل کے نفاذ سے فرقہ واریت ساری ختم ہو جائے گی اور شریعت بل سے کوئی فرقہ واریت نہیں پھیلے گی اسے بدقسمتی سے جان بوجھ کر متنازعہ بنا دیا گیا ہے۔ اور اس کو ہوا دی گئی کہ یہ فلاں فرقے کے خلاف ہے فلاں فرقے کے خلاف ہے۔ اور مجھے ایسی صورتیں اور ایسی کوششیں معلوم ہیں کہ بریلویوں کے پاس جا کر کہا گیا کہ یہ تو وہابیوں کا بل ہے۔ اور وہابیوں کے پاس جا کر کہا گیا کہ یہ تو جماعت اسلامی کا بل ہے اور منصورہ پر اثر ہے اس سے مودودی ازم آ جائے گا۔ اس طرح چاروں مکاتبِ فکر میں ہر جگہ جا کر ان کو بھڑکایا گیا اور کسی نے دیکھے پڑھے اور سوچے بغیر ہنگامہ کر دیا۔ کہ اچھا اس میں یہ ہے۔ کسی کو کہا گیا کہ اس سے مزارات مٹا دئے جائیں گے کسی کو کہا گیا کہ اس سے فلاں مسئلہ ختم ہو جائے گا کسی کو کہا گیا کہ اس سے یہ ہو جائے گا وہ ہو جائے گا۔

حالاں کہ آپ خود شریعت بل کو دیکھیں اور سب فاضل ممبران کے سامنے ہے اس میں کوئی بھی دفعہ ایسی نہیں جس میں کسی بھی مکتبِ فکر کے مسلمانوں کے معتقدات کو چھیڑا گیا ہو ان کے نظریات پر قدغن لگائی گئی ہو یا ان کے جو معمولات رسومات اور روایات ہیں اس کا کوئی ادنیٰ سا اشارہ بھی ہو۔

## شریعت بل اور خواتین

یعنی عورتوں میں جا کر کہا گیا کہ اس سے آپ کے حقوق سلب ہو جائیں گے۔ آپ خود دیکھیں کہ ان کے متعلق شریعت بل میں کوئی ایک نقطہ ایک حرف کوئی ایک سطر بھی نہیں ہے جس میں قرآن اور سنت اور اجماع اور قیاس، ذرائع ابلاغ مقننہ اور انتظامیہ کا ذکر ہے۔ اب انہوں نے تفصیلات دیکھے بغیر جلوس نکالنے شروع کر دئے۔ بھئی! کوئی اور بل ہوگا تو اس کے بارے میں کوئی اور بات ہوگی۔ شریعت بل سے حقیقت میں تو سارے طبقوں کو حقوق مل جائیں گے۔ اور عورتوں کا فرش سے عرش تک مقام اونچا ہو جائے گا۔ لیکن پھر اس بل میں ان کا کسی جگہ ذکر ہی نہیں ہے کسی دفعہ سے ان کے نکاح طلاق، عدت میراث وغیرہ کسی مسئلے پر زد ہی نہیں پڑتی کون سی بات جائز کون سی ناجائز یہ تو پھر آگے جا کر دیکھا جائے گا کہ وہ جائز ہے یا ناجائز ہے۔ شریعت بل نے جزئیات کو چھیڑا ہی نہیں ہے اور نہ عورتوں کے متعلق کسی خاص اصولی حکم کو چھیڑا گیا ہے لیکن ان بے چاریوں کو بھی جا کر کہا گیا کہ یہ تو تمہیں تباہ کر رہے ہیں اور تمہارے حقوق سلب ہو جائیں گے۔ اور تم مصیبتوں میں پڑ جاؤ گی۔

## شریعت بل پر استصواب رائے بھی متنازعہ بنانے کے لئے تھا

اسی طرح ایک ایک طبقۂ فکر میں جا کر اس کو اچھالا گیا۔ اور اس کو متنازعہ بنایا گیا حالاں کہ یہ تو بالکل سیدھا اور صاف ستھرا بل تھا جس میں کوئی الجھی ہوئی مبہم اور کوئی پیچیدہ اور کوئی منطقی اصطلاحات اور وہ چیزیں نہیں تھیں، ساری امت کو صاف صحیح اسلام کی سمت پر ڈالنا اور اس پر عمل پیرا ہونے کی کوشش تھی لیکن یہاں اس سلسلہ میں پھر الٹا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بعض دوستوں نے یہ مسئلہ اٹھایا کہ اس کو استصواب کے لئے پیش کردیا جائے۔ اس کا مقصد بھی یہی تھا کہ استصواب رائے کے ذریعے اس کو بالکل متنازعہ بنایا جائے اور یہ مسئلہ سب سے بڑا الجھا ہوا سامنے آجائے ہم کہیں گے کہ اس پر تو لوگ بالکل متنازعہ ہیں۔ حالاں کہ بات اگر صرف شریعت کی تھی اور شریعت کے نفاذ کی تھی تو اس کے بارے میں ہمارا حق ہی نہیں تھا کہ قوم سے پوچھتے کہ آپ شریعت کا نفاذ چاہتے ہیں یا نہیں۔ اگر خدانخواستہ ایک مسلم معاشرہ میں سارے کے سارے لوگ کہہ دیں کہ ہم نہیں چاہتے تو کیا ہم اسلامی قانون کے بنیادی اور اساسی نظریات سے دست بردار ہو جائیں گے۔

## حکومت کو طے شدہ اسلامی استصواب کا حق ہی نہیں نہ قوم کا کوئی غلط فیصلہ قابل تسلیم ہے

آج اگر پوری قوم کہے گی کہ ہم سرخ انقلاب کا استقبال کرتے ہیں تو کیا آپ قوم کی یہ بات مانیں گے؟ آج اگر قوم کہے کہ ہم سوشلزم کے لئے تیار ہیں تو آپ مانیں گے؟ آج اگر سیکولرازم کا کوئی نعرہ لگائے کوئی کنفیڈریشن کا نعرہ لگاتا ہے کوئی علیحدگی، اور صوبائیت اور لسانی اور علاقائی عصبیت، اگر پوری قوم اس کے متعلق رائے دے تو کیا ہم کہہ دیں گے کہ ہاں یہ ٹھیک ہے؟ قوم نے فیصلہ کر دیا ہے۔ نہیں ہم قوم کا وہی فیصلہ مانیں گے جو اس ملک کی بنیادوں سے ہم آہنگ ہو اس ملک کے قیام کے وقت جس مقصد کے لئے قربانیاں دی گئی ہیں اس کو ختم نہ کریں۔ اس کی سالمیت پہ ضرب نہ آئے۔ تو اگر پوری قوم کہہ دیتی کہ ہم شریعت کا نفاذ نہیں چاہتے پھر بھی اس حکومت کا یہ حق نہیں تھا کہ قوم کے اس فیصلے کو تسلیم کرتی۔ اور پھر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو یہ حق ہی نہیں دیا کہ اسلام کو قبول کرنے یا نہ کرنے، نافذ کرنے یا نہ کرنے میں ان کو اختیار رہو۔ تو ہم نے اس استصواب کے ذریعہ اس مسئلے کو اور متنازعہ بنانے کی کوشش کی۔

## قوم نے بار بار رائے دیدی ہے

حالاں کہ قوم نے تو رائے دے دی تھی تو نے قیام پاکستان کے وقت عظیم قربانیاں دے کر کہا تھا کہ ہمیں شریعت کے نفاذ کے لئے ملک چاہئیے۔ پھر ایک دو سال قبل ریفرنڈم کے ذریعہ قوم نے رائے دیدی تھی کہ ہم اسلامی نظام اور نفاذ کے کام کی وجہ سے اس صدر کو یہ حق دیتے ہیں کہ وہ رہے۔ اور اس نے اپنا نام بھی نہیں لکھا تھا۔ اس نے کہا تھا کہ اسلامی نظام میں پیش رفت چاہتے ہو یا نہیں، پوری قوم نے کہا ہاں چاہتے ہیں۔ ۱۹۷۷ء میں پوری قوم نے بہت بڑی قربانیاں دے کر کہا کہ ہمیں اسلامی نظام چاہئیے تو ہم قوم سے کب تک پوچھتے ـــــ لیکن قوم پہ آفرین ہے اور یہ تحسین کی مستحق ہے کہ ان ساری قربانیوں اور مشکلات سے گذرنے کے باوجود اور بار بار دھوکہ کھانے کے باوجود انہوں نے پھر بھی شریعت بل کے ریفرنڈم میں بڑھ چڑھ کر تاریخ میں انہوں نے ساڑھے گیارہ لاکھ، پندرہ لاکھ، سولہ لاکھ جیسے آپ نے بھی ابتدا میں سارے اعداد و شمار بیان فرمائے تھے۔ اتنی بڑی تعداد میں انہوں نے اس بل کے حق میں رائے دی۔ اور آپ نے فرمایا بھی تھا شاید پارلیمنٹ کی تاریخ میں کسی قوم نے ایک بل کے بارے میں اتنی بڑی تعداد میں ہاں یا نہ کی شکل میں رائے دی ہو۔ تو قوم نے اپنا حق ادا کر دیا۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**سیاسی مخالفین کی سیاسی مخالفت**

لیکن ہم نے ان ساری آوازوں کو تو چھوڑا۔ لیکن اگر کہیں دور سے کوئی خلاف آواز اٹھی تو ہمارے کان کھڑے ہو گئے کہ اچھا! وہ تو نہیں مانتا ہے اور ان میں وہ لوگ بھی تھے جو حکومت کو سرے سے تسلیم ہی نہیں کرتے تھے۔ وہ اس حکومت کو جائز نہیں مانتے تھے وہ کہتے تھے کہ یہ حکومت متنازعہ ہے۔ تو ان کی مخالفت سیاسی مخالفت تھی وہ کہتے تھے کہ یہ لوگ چھٹی کر کے گھروں کو چلے جائیں۔ اور ان کو حق ہی نہیں ہے کہ اسمبلیوں میں بیٹھے ہوئے ہوں۔ اور یہ متغلبہ ہیں اور جبری تسلط سے آئے ہوئے ہیں۔ ان کی رائے یہ تھی۔ لیکن آپ نے ان کی اس بات پر دھیان نہیں دیا۔ اور کہا کہ وہ فلاں مولوی بھی نہیں مانتا ہے۔ کبھی وہ مولوی شریعت تو مانتا ہے شریعت بل مانتا ہے۔ لیکن وہ کہتا ہے کہ میں اس حکومت کے ذریعہ، اگر یہ حکومت پورا قرآن بھی نافذ کر دے تو میں تسلیم نہیں کرتا حالاں کہ یہ بات ان کی بے اعتدالی تھی۔ غلط تھی۔ قرآن و سنت کے مقابلے میں سیاست کو سامنے نہیں رکھنا چاہیئے تھا جن لوگوں کا اوڑھنا بچھونا اسلام پر تھا جو اٹھتے بیٹھتے اسلام کے نام پر اور کھانا پینا اسلام کے نام پر ہے ان کی سیاست کی دکان ساری اسلام کے نام پر چمکتی تھی۔ ان کو چاہیئے تھا کہ وہ شکر کرتے کہ چلو جس حکومت کے ذریعہ بھی ہو لیکن منزل مقصود تک کچھ پیش رفت ہو جائے۔ تو بات ان کی اصولاً غلط تھی۔

**ہمیں سیاست سے نہیں شریعت سے سروکار ہے**

اور یہ ایسی بات تھی جیسے یہود نے جو وحی کو نہیں مانتے تھے انہوں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ یہ وحی آپ کے پاس کون لے کر آتا ہے۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبرئیل علیہ السلام۔ انہوں نے کہا اچھا جبرئیل سے تو ہماری بڑی دشمنی ہے اور اگر میکائیل علیہ السلام یہ وحی لے کر آتے تو پھر ہم تسلیم کر لیتے لیکن جبرئیل لاتا ہے اس لئے ہم تسلیم ہی نہیں کرتے۔ مگر ہم نے کہا کوئی نان پارٹی سسٹم کی بنیاد پر حکومت ہو یا سیاسی بنیادوں پر حکومت آئی ہو یا مارشل لاء کی کھوکھ سے جنم لینے والی حکومت ہو ہمیں ان باتوں سے کوئی سروکار نہیں۔ مسلمانوں نے کہا کہ ہم نے اس لئے تو بائیکاٹ کی ساری اپیلیں مسترد کر دیں اور اس لئے ہم نے اس حکومت کو ایک بار پھر موقعہ دیا اور اس لئے ریفرنڈم میں ہم نے ضیاء الحق کو ہاں کہہ دیا کہ انہیں تو اسلام چاہیئے تھا تو یہ ۹۵ فیصد لوگ ان جھنجھٹوں میں نہیں تھے لیکن سیاست دانوں کی سیاست کی دکان پھر بند ہو جاتی۔ انہوں نے شور مچایا کہ یہ بل نہیں منظور ہونا چاہیئے۔ کیونکہ یہ متنازعہ اسمبلیاں ہیں۔ حالاں کہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط تھا۔ یہ متنازعہ نہیں تھیں مگر اپنوں نے بھی ہمیں ادھر سے چھرا گھونپ دیا اور اس حکومت نے بھی یہ کیا کہ ان کی اور ساری باتیں تو چھوڑ دیں اور یہاں اس ایوان میں بہت سے لوگوں نے یہ کہا کہ فلاں مولوی نے مخالفت کی ہے بھائی! فلاں مولوی تو تمہارے وجود کو تسلیم ہی نہیں کرتا اس لئے یہ مخالفت تو "لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاریٰ" والی بات ہوئی۔ یہاں وانتم سکاریٰ کو چھوڑ دیا گیا۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ نشے کی حالت میں نماز کے مت قریب ہونا۔ ہم نے نشے والی بات تو چھوڑ دی اور شور مچایا کہ اللہ نے کہا ہے کہ نماز نہ پڑھو۔ یہ تو وہی صورت حال ہوئی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بہرحال جان بوجھ کر اس مسئلے کو متنازعہ بنایا گیا اور اس سے ہرگز کسی فرقے کے حقوق پر زد نہیں پڑتی۔

## ہر مکتبِ فکر کے مسلّمہ علماء بل کے حق میں ہیں

اسی وجہ سے ملک کے جو مسلّمہ علماء ہیں آپ خوب سمجھتے ہیں کہ جو بکاؤ مال نہیں ہیں جو ہر سرکار کے دربار میں ہاں میں ہاں نہیں ملاتے۔ جو درسیات وغیرہ سے گذرے ہوئے ہیں جنہوں نے سیاست کو اپنا پیشہ اور کاروبار نہیں بنایا۔ ان تمام علماء نے اس پر اتفاق کیا اور مل بیٹھے۔ آپ اہلِ حدیث جو غیر مقلد ہوتے ہیں ان کے جید علماء کو دیکھیں وہ اس بل کے حق میں ہیں۔ بریلوی حضرات کے جو جید علماء ہیں جو آپ کی نظریاتی کونسل کے رکن ہیں وہ سب اس کے حق میں ہیں۔ جن پر سیاست بہت زیادہ چھائی ہوئی نہیں ہے۔ آپ بریلویوں کو دیکھیں۔ اہلحدیث کو دیکھیں۔ دیوبندیوں کو دیکھیں میں کہتا ہوں شیعہ حضرات نے بھی اس کی مخالفت نہیں کی (مخالفت میں بیان دینے والے) بھی ایسے ہی مولوی ہیں جنہوں نے سیاست کو کاروبار بنا رکھا ہے۔ اسی طرح ان میں چند ہی نام ہیں جو سامنے آرہے ہیں۔ مگر جو اصل مجتہد ہیں جو اصل ان کے علماء ہیں جو محقق ہیں جو سیاسی لیڈر نہیں ہیں۔ ان کی طرف سے ان کی مخالفت میں کوئی بیان نہیں آیا اور جب ہماری سٹینڈنگ کمیٹی بیٹھی اور راقبال احمد خان صاحب اس کے چیئرمین تھے تو ان کی طرف سے کچھ ہمارے سامنے تجاویز آئیں کہ ہم اس بل پر اس صورت میں خوش ہوں گے ہم نے ان کی تجاویز کو دیکھا پرکھا اور ہم نے ان کے مشوروں کو اس میں ملحوظ رکھ لیا۔ پھر ایک ہفتہ بعد مجھے ان کے بڑے جید علماء کرام کے ٹیلی گرام آئے ان کے خطوط آئے جو میرے پاس موجود ہیں کہ اب اس ترمیم کے بعد ہم اس بل پر خوش ہیں۔ اور ہم اس پر متفق ہیں تو شریعت بل نے ایک بہت بڑی دینی قوت کو اور دین چاہنے والوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کر دیا۔ شریعت بل انتشار کا ذریعہ نہیں یہ اتفاق و اتحاد کا ذریعہ ہے۔ اور آگے چل کر امت کو بہت بڑی رحمتیں ملیں گی۔ اور اتحاد کے راستے کھل جائیں۔

## کسی قانون کے لئے پورے ملک کا اتفاق رائے ضروری نہیں

پھر دنیا میں کوئی ایسا بل آپ دکھائیں اس کو ہم تب منظور کریں گے جب اس پر پوری مملکت کے شہری متفق ہوں اور اگر ان کو پسند نہیں ہے ناگوار ہے تو ہم اس کو منظور نہیں کریں گے۔ یہ تو عجیب سا معاملہ ہوا۔ ہم ہیروئن کو بند کرنا چاہتے ہیں۔ ہم منشیات کے دشمن ہیں۔ ہم رشوت ستانی کے خلاف ہیں۔ ملاوٹ کے بارے میں آپ قوانین بناتے ہیں تو آپ ان لوگوں سے پوچھتے ہیں کہ بھئی! آپ سب کی کیا رائے ہے۔ آپ نے گدون میں پوست کی فصل کو تلف کیا وہ سارے چیخ رہے تھے کہ ہمیں حکومت کی یہ کارروائی منظور نہیں ہے۔ لیکن آپ نے ملک و ملت کے مفاد میں جس چیز کو سمجھا اسی کو کیا اور آپ کے نزدیک وہی کرنا چاہیئے تھا اسی میں بہتری تھی۔ آپ جب بھی کسی معاملہ میں قانون بنائیں گے تو کیا جرائم پیشہ اور تمام لوگوں سے کہیں گے کہ سب متفق ہو جاؤ۔ اس شریعت بل سے جن لوگوں کے مفادات پر ضرب پڑے گی جاگیر دارانہ سسٹم کو نقصان پہنچے گا۔ فحاشی بے حیائی پھیلانے والوں پر قدغن لگے گی تو وہ لوگ اس کے خلاف چیخیں گے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جن لوگوں نے عدل و انصاف کو بکاؤ مال بنا رکھا ہے اور شریعت بل عدل کو بالکل صفت بنانا چاہتا ہے تو وہ لوگ اس کی مخالفت کریں گے کیونکہ ان کے مفادات پر ضرب پڑے گی۔ پھر تو دنیا میں کوئی بھی حکومت اصلاحی قانون پاس نہیں کر سکے گی۔

**کیا حکومت اللہ کا دین الٰہی نافذ کرنا چاہتی ہے**

یہاں ہمارے وزیر اعظم صاحب نے بھی کہا تھا کہ ہم ایک ایسا بل لائیں گے جس پر پوری قوم متفق ہو۔ کوئی نہ کوئی مفاد پرست طبقہ اس پر راضی نہیں ہو گا۔ کوئی ایسا بل جس پر پوری قوم متفق ہو گی تو وہ پھر بل ہی بل ہو گا۔ اس میں کوئی معنویت نہیں ہو گی۔ یہ تو اکبر کا دین الٰہی ہو گیا۔ اکبر چاہتا تھا کہ میں ایسے قوانین بنا دوں جس میں ہندو، سکھ، مسلم، عیسائی لادین کمیونسٹ اور دہری سارے کے سارے خوش ہوں گے۔ اس اکبر کے دین الٰہی کا انجام کیا ہوا۔ امت نے اس کو قبول نہیں کیا اور وہ چند سال سے آگے نہیں بڑھا اور اس کے نتیجے میں برصغیر میں ایک بہت بڑا اسلامی انقلاب آیا۔

**اس مملکت اور شریعت بل کے بانی مجدد الف ثانیؒ ہیں**

اورنگ زیب عالمگیر اور مجدد الف ثانی مقابلے میں آ گئے۔ میں کہتا ہوں اس مملکت اور شریعت بل کے بانی اول جو ہیں اور برصغیر میں شریعت بل کا آغاز کرنے والے مجدد الف ثانی ہیں۔ اور اس وقت سے ہماری یہ کوششیں رکی ہوئی ہیں۔ اور آگے نہیں بڑھ رہیں اور ہماری یہ ساری قربانیاں رائیگاں ہیں۔

**ارکان اسمبلی تاریخ کے فیصلہ کن موڑ پر ہیں!**

اگر اس پارلیمنٹ کو اللہ نے موقعہ دیا اور ان ارکان نے اللہ و رسولؐ اور ساری چیزوں کو سامنے رکھ کر اس بل کو پاس کیا تو ان کو تاریخ میں ایک لازوال مقام ملے گا ہزار سال کے بعد جو چار پانچ سو سال محنتیں ہوئی ہیں اور جو قربانیاں دی گئیں وہ سب ان کے ہاتھوں ٹھکانے لگ جائیں گی۔ اب یہ ان کے اوپر ہے کہ اللہ کے ہاں سرخرو ہوتے ہیں اور اسلاف کی محنتوں کو ٹھکانے لگاتے ہیں یا اس پر یہ لوگ بھی پانی بہاتے ہیں۔ تاریخ کا یہ ایک فیصلہ کن موڑ ہے ان ارکان کا نمایاں ذکر آئے گا اچھے طریقے سے یا برے طریقے سے اور خدانخواستہ کوئی فرقہ سمجھتا بھی ہے کہ اس سے ہمارے حقوق پر زد پڑتی ہے تو ملک میں مختلف مکاتب فکر ہوتے ہیں طبقات ہوتے ہیں تو ان فرقوں کو ہم تحفظ دے سکتے ہیں۔ ان کو اپنے حقوق کی فکر کرنی چاہئے۔ اپنے دین، اپنے قوانین اور اپنے جو مسلمہ نظریات ہیں ان کے لئے فکر مند ہونا چاہئے۔ کہ ہم ان کو نہ چھین سکیں۔

**کسی فرقہ کو ہمیں اپنی شریعت پر عمل کرنے سے روکنے کا حق نہیں**

ہم نے جب آئین میں ترمیم کر کے تمام فرقوں کو یہ حق دے دیا ہے کہ وہ اپنے پرسنل لا میں اپنی فقہ اور اپنے مسلمہ عقائد کے مطابق فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ہم نے اس بل میں بھی دفعہ ۸ میں یہ واضح طور پر کہا کہ مسلمانوں کے تمام فرقوں میں سے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کسی فرقے کے اپنے جو پرسنل لاز ہیں اپنے کوئی معتقدات اور نظریات ہوں تو وہ اس کے مطابق اپنی زندگی گذاریں۔ اور جج بھی اس کے مطابق فیصلہ کرے گا۔ تو ان کو تو اپنا حق مل گیا وہ پانچ فیصد ہیں دس فیصد ہیں فرض کریں ۲۴ فیصد ہیں لیکن کسی فرقے کو یہ حق کہاں سے آیا ہمارے جو معتقدات ہیں میرا جو دین ہے میرا جو نظریہ ہے میری جو فقہ ہے میرے جو کتاب وسنت، اجماع اور ماخذ ہیں اس سے ہمیں وہ کیسے روک سکتے ہیں نہ ہمیں ان کو روکنا چاہیئے اور نہ ہمارے دین اپنے نظام اور اپنے دستور العمل کی طرف پیش رفت کرنے سے روکنا چاہیئے یہ تو اخلاقاً قانوناً، جمہوریت کے لحاظ سے ہر لحاظ سے روکنا ایک ظلم ہوگا۔ ۹۰ یا ۹۵ فیصد اکثریت اپنے دین پر عمل کرنا چاہتی ہے بس۔ وہ قطعاً یہ نہیں چاہتی کہ اس فرقے کے حدود پر قدغن لگے۔ اس پر کوئی ظلم ہو ان پر کوئی زیادتی ہو۔ یہ بڑی زیادتی ہے کہ ہم اپنے دین سے اپنی فقہ سے اپنے مسلمہ قواعد سے دست بردار ہو جائیں کہ کوئی ایک فرقہ خفا ہوتا ہے ناراض ہوتا ہے بھائی! کیوں ناراض ہوتا ہے ہم ان کے معتقدات میں قطعاً مداخلت نہیں کرتے ان کو اپنے پرسنل لاز کے مطابق چلنے کا حق دیتے ہیں۔

## متفقہ ۲۲ نکات کا شریعت بل سے موازنہ

جناب والا! اس مسئلے کا ایک فیصلہ ابھی ہو سکتا ہے ہمیں ایک ایسی چیز سامنے رکھنی چاہیئے تھی جس پر تمام طبقات فکر نے اور فقہ کے پیروؤں نے متفقہ ایک فیصلہ دیا اور قابل احترام شخصیت ہمارے پیر پگاڑا نے بھی کہا کہ ۲۲ نکات کی روشنی میں یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے کیونکہ ۲۲ نکات پہ ایک دفعہ اجماع ہو چکا ہے اس میں جیّد شیعہ اور سنّی علماء تھے۔ پھر ہمارے دوست شام کو ایک بات کرتے ہیں اور صبح کو دوسری۔ اور ملک میں آوازیں اٹھتی ہیں انہوں نے بھی شور مچایا کہ اس بل سے متفقہ بائیس نکات مجروح ہو جائیں گے۔ اور وہ ختم ہو جائیں گے۔ تو میں ان لوگوں کے جواب کے لیئے کچھ عرض کروں گا اور جناب پیر صاحب کے مشورے کی تحسین کرتے ہوئے میں بھی کچھ عرض کروں گا۔ کہ دونوں چیزیں سامنے رکھ کر دیکھیں کہ ہم نے کون سی بات سے ۲۲ نکات کی نافرمانی کی ہے۔ خلاف ورزی کی ہے یا اس سے سرتابی کی ہے۔ اگر یہ چیز آج طے ہو جائے تو ہمارے بل کی ایک ایک دفعہ ۲۲ نکات کے مترادف ہے متفق ہے اس میں کوئی کمی بیشی نہیں کی گئی تو پھر ان تمام لوگوں کو جن کے اکابرین نے دستخط کیئے تھے تو ان کا اخلاقاً فرض ہو گا کہ وہ اس بل کو بھی تسلیم کر لیں۔ میں یہاں مختصر اس کی چند مثالیں دوں گا۔

## شریعت بل ۲۲ نکات ہی کی قانونی زبان ہے

میرے سامنے بائیس ۲۲ نکات بھی ہیں اور اپنا بل بھی ہے۔

جناب چیئرمین۔ اگر ذرا اختصار سے کام لیں تو وقت بھی کم ہو رہا ہے۔

مولانا سمیع الحق۔ حضرت ابھی وقت تو تنگ نہیں ہوا۔ ابھی تو رات کے بارہ، ایک بجے تک ہم بیٹھ سکتے ہیں یہ اتنا اہم مسئلہ ہے بڑا قومی مسئلہ ہے یہ ممبران حضرات کچھ ایثار کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کو اجر بھی دے گا اگر ۹ بجے سے کچھ بڑھ بھی جائے تو کیا حرج ہے بہرحال میں کوشش کروں گا کہ چند منٹ کے بعد اس کو سمیٹ لوں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہمارے ہاں بل میں بڑا مسئلہ تعریف کا ہے۔ کہ شریعت کا اصل ماخذ قرآن پاک اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے دفعہ ۲ کی شق ب۔ اب اس میں ہم بنیادی نقاط کو دیکھتے ہیں۔ دفعہ ۲ کے دوسرے نقطے میں واضح لکھا گیا ہے کہ ملک کا قانون قرآن و سنت پر مبنی ہوگا۔ اب اس میں کہاں ہم نے ادھر سے حکم عدولی کی۔ اگر دفعہ ۳ ہے کہ کوئی مقننہ شریعت کے خلاف قانون نہیں بنائے گی تو آگے کی مقننہ کوئی ایسا قانون یا قرارداد ایسی منظور نہیں کر سکے گی جو شریعت کے احکام کے خلاف ہو۔ اگر ایسی کوئی قرارداد یا قانون منظور کر لیا گیا تو اسے وفاقی شرعی عدالت میں چیلنج کیا جا سکے گا۔

اب وہاں جو دوسرا نکتہ ہے اس میں بھی یہی ہے کہ ملک کا قانون قرآن و سنت پر مبنی ہوگا اور کوئی ایسا قانون نہ بنایا جا سکے گا یعنی مقننہ (پارلیمنٹ) پر وہاں بھی قدغن لگائی گئی ہے۔ کہ پارلیمنٹ کو کھلی آزادی نہیں ہے۔ وہ کوئی ایسا قانون نہیں بنا سکے گی اور نہ کوئی ایسا انتظامی حکم دیا جا سکے گا۔ اس میں ہمارا اگلا نکتہ آیا ہے کہ مقننہ کو بھی اس کا پابند بنایا گیا ہے اور ایڈمنسٹریشن کو بھی، کہ دونوں کوئی ایسا حکم نہیں دے سکیں گے جو کتاب و سنت کے خلاف ہو ہماری دفعہ ۳ میں ایک جملہ زیادہ ہے کہ اسے وفاقی شرعی عدالت میں چیلنج کیا جا سکے گا۔ کیونکہ ۲۲ نکات مرتب کرتے وقت وفاقی شرعی عدالت کا کوئی تصور یا ادارہ موجود نہیں تھا۔ اس لئے وہاں یہ نہیں کہا جا سکا۔

آگے ہمارے بل کی دفعہ ۶ ہے کہ شریعت کے خلاف احکامات دینے پر پابندی۔ انتظامیہ کا کوئی بھی فرد بشمول صدر مملکت اور وزیر اعظم شریعت کے خلاف کوئی حکم نہیں دے سکے گا تو وہاں ۲۲ نکات میں شق ۳ میں یہ چیز واضح موجود ہے کہ کوئی ایسا قانون نہ بنایا جا سکے گا نہ کوئی ایسا انتظامی حکم دیا جا سکے گا جو کتاب و سنت کے خلاف ہو اور مملکت کسی جغرافیائی، نسلی، لسانی یا کسی اور تصور پر نہیں بلکہ ان اصولوں اور مقاصد پر مبنی ہوگی جن کی اساس اسلام کا پیش کیا ہوا ضابطہ حیات ہے۔ یہ ہمارے بل کی اگلی دفعہ ۷ ہے۔ عدالتی عمل اور احتساب اکہ حکومت کے عمال بشمول صدر مملکت اسلامی قانون عدل کے مطابق عدالتی احتساب سے بالاتر نہیں ہوں گے۔

جناب والا ———— آیئے ہم اب بائیس نکات دیکھتے ہیں اس میں سترواں نکتہ واضح طور پر یہ ہے کہ صدر مملکت کو یہاں کہا جا رہا ہے کہ صدر مملکت کو آپ کیوں لپیٹتے ہیں اور وزیر اعظم کا ذکر آپ کیوں کرتے ہیں تو وہاں ۲۲ نکات کا سترواں نکتہ یہی ہے کہ رئیس مملکت شہری حقوق میں عامۃ المسلمین کے برابر ہوگا اور قانونی مواخذہ سے بالاتر نہیں ہوگا۔ صاف طور پر یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ عام شہری کی طرح یہ بھی ہوگا۔ اسی ۲۲ نکات کا ۱۸ واں نکتہ ہے کہ ارکان اور عمال حکومت اور عام شہریوں کے لئے ایک ہی ضابطہ قانون ہوگا۔ اور دونوں پر اس کو عدالتیں ہی نافذ کریں گی۔ اس میں ارکان، عمال حکومت اور سب شہری احتساب کے دائرے میں لائے گئے۔

دفعہ ۸ کے تحت جو مسلم فرقے ہیں ان کو ان کے پرسنل لاء جو اس وقت بعض دوستوں نے حذف کرا دئے تھے لیکن ہم چاہتے ہیں کہ وہ حذف نہ ہوں وہ اپنی جگہ پر رہیں اور منتخبہ کمیٹی میں انہوں نے کہا کہ اس مسئلہ کو چھیڑنے کی ضرورت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نہیں ہے۔ اس لئے کہ آئین میں نئی ترمیم کی شکل میں آرڈیننس طے ہو چکا ہے تو چونکہ آئین میں یہ چیز آ گئی ہے کہ ان کو اپنے پرسنل لا، پر عمل کرنے کی اجازت ہوگی تو اس نکتے کی ضرورت نہیں۔ یہاں ملک میں بڑا زور شور مچایا گیا کہ اس دفعہ کو حذف کر لیا گیا ہے۔ حالاں کہ اصل محرکین نے اس دفعہ کو رکھا تھا لیکن وہاں یہ تجویز سامنے آئی کہ اس دفعہ پر عمل ہو چکا ہے اب بھی اگر کوئی چاہے تو ہمیں انکار نہیں ہے اس میں باقاعدہ یہ دفعہ رکھ سکتے ہیں۔

ہمارے بل کی دفعہ ۹ جو ہے اس میں واضح ہے" غیر مسلموں کو تبلیغ کی آزادی یعنی غیر مسلم باشندگان مملکت کو اپنے ہم مذہبوں کے سامنے مذہبی تبلیغ کی آزادی ہوگی اور انہیں اپنے شخصی معاملات کا فیصلہ اپنے مذہبی قانون کے مطابق کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ اور یہ شریعت بل ان پر لاگو نہیں ہوگا۔

اب یہی دفعہ ۹ جو ہے وہ ۲۲ نکات کے دسویں نکتے میں واضح طور پر موجود ہے۔ واضح طور پر کہا گیا ہے کہ غیر مسلم باشندگان مملکت کو حدود قانون کے اندر مذہب، عبادت، تہذیب و ثقافت اور مذہبی تعلیم کی پوری آزادی حاصل ہوگی۔ اور انہیں اپنے شخصی معاملات کا فیصلہ اپنے مذہبی قانون یا رسم و رواج کے مطابق کرانے کا حق حق حاصل ہوگا۔ تو دسواں نکتہ یہاں ہم نے اپنی دفعہ ۹ میں پورا سمو دیا ہے۔ آپ دونوں کو سامنے رکھ کر موازنہ کر سکتے ہیں پھر اس میں علماء کو جج مقرر کرنے کی بات کی گئی ہے یا معاون کے طور پر کام کریں گے۔ اس چیز سے اچنبھا کیوں ہے۔ یہ اگر ۲۲ نکات میں نہیں ہے تو اس کو ہم نے ۱۹۷۳ء کے آئین میں باقاعدہ طور پر تسلیم کیا ہے اور جو نظریاتی کونسل کے متعلق جو باب ہے اس میں یہ ساری چیز موجود ہے کہ علماء، ان کے شرائط، تدریس کی مدت جب ساری وہاں تسلیم ہو چکی ہے تو یہاں کوئی نئی چیز نہیں ہے جس سے بہت بڑا طوفان آ جائے گا۔

آگے ذرائع ابلاغ کی تطہیر دفعہ ۱۴ تو وہ نکتہ ۲۰ جو ہے اس پر واضح طور پر موجود ہے۔ ہم ذرائع ابلاغ کی تطہیر غلط افکار و نظریات کے خلاف ہو، اخلاق و عقیدے کے خلاف ہو اس پر پابندی لگانا چاہتے تھے تو ۲۲ نکات میں بیسواں نکتہ یہ ہے کہ ایسے افکار و نظریات کی تبلیغ و اشاعت ممنوع ہوگی جو مملکت اسلامی کے اساسی اصولوں اور مبادی کے انہدام کا باعث ہو۔ ہم نے اس کو بھی یہاں ملحوظ رکھا۔ ہمارا سولہواں نکتہ بنیادی حقوق کے تحفظ کا ہے۔ اس کے بارے میں بڑی لے دے ہوئی ہے تو اس کے الفاظ یہ ہیں، "کہ شریعت نے جو بنیادی حقوق باشندگان ملک کو دیئے ہیں ان کے خلاف کوئی حکم نہیں دیا جائے گا۔ اب اس میں دیکھتے ہیں کہ یہ نکتہ ہے کہ نہیں، تو ہم بائیس نکات کا ساتواں اور آٹھواں جو بالکل واضح طور پر ہے ہم نے یہاں بہت مختصر الفاظ میں اس کو سمو دیا ہے۔ ساتواں نکتہ یہ ہے کہ:۔

"باشندگان ملک کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو شریعت اسلامیہ نے ان کو دیئے ہیں"
یعنی حدود قانون کے اندر تحفظ جان و مال، عزت و آبرو، آزادی مذہب و مسلک، آزادی عبادت، آزادی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ذات، آزادی اظہار رائے۔ آزادی نقل و حرکت۔ آزادی اجتماع۔ آزادی اکتساب رزق۔ رفاہی ادارے سے ترقی کے مواقع میں یکسانی اور استفادے کا حق۔ اور آٹھواں نکتہ یہ ہے کہ مذکورہ بالا میں سے کسی شہری کا کوئی حق اسلامی قانون کی سند جواز کے بغیر اس وقت تک سلب نہیں کیا جائے گا اور کسی جرم میں بغیر موقع صفائی دیئے اور فیصلہ عدالت کے سزا نہیں دی جائے گی۔

اب یہ چند مثالیں تھیں جو میں نے شریعت بل جو ایوان کے سامنے ہے اور ۲۲ نکات، یہ چند مثالیں سرسری مطالعہ سے جو سامنے آئیں ہیں نے آپ کے سامنے رکھ دیں کہ ہم نے تو بنیادی حقوق کو نافذ کرنے کی اس بل کے ذریعہ کوشش کی ہے۔ ہم نے قرار داد مقاصد کو عملاً اس ملک میں نافذ کرنے کے لئے یہ شریعت بل پیش کیا ہے۔ ہم نے پچھلی تمام کوششوں سے سرمو انحراف نہیں کیا۔ بلکہ ان تمام محنتوں کو نتیجہ خیز اور ثمرآور بنانے کی کوشش کی ہے۔

## بہت پہلے شریعت بل پر پوری امت کا اتفاق ہو چکا ہے

تو جناب چیئرمین صاحب! اسی بائیس نکات کے متفقہ آئینے میں دیکھئے کہ آپ کو اس میں علامہ جعفر حسین مجتہد کا نام بھی نظر آئے گا۔ آپ کو علامہ حافظ مفتی کفایت حسین مجتہد کا نام بھی نظر آئے گا۔ آپ کو اس وقت کے جمعیت اہلحدیث کے بہت بڑے عالم مولانا محمد اسمٰعیل کا نام بھی نظر آئے گا۔ آپ کو اس میں دیوبندی اور بریلوی مکتب فکر کے تمام سرکردہ علماء کے دستخط ثبت ہوئے نظر آئیں گے۔ مولانا سید سلیمان ندوی۔ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی۔ مولانا اطہر علی اور مولانا ابوجعفر محمد صالح۔ یہ میں نے چند مکاتب فکر مسلمہ علماء کے نام لیئے ہیں۔ کہ ان لوگوں نے اس پر دستخط کیے ہیں کہ ہم اس طرح ملک کی گاڑی کو اسلام کی پٹڑی پر آگے چلا سکتے ہیں۔

## بل مسترد کر دیا تو منافقت پر مہر لگ جائے گی

میں آخر میں اتنی عرض کر دوں گا کہ شریعت بل منظور کئے بغیر ہرگز اس ملک میں حاکمیت اعلیٰ خداوند قدوس کی قائم نہیں ہو سکتی۔ ہم ان کو ہزار ساورن کہیں اس کی ساورنٹی تب آئے گی جب شریعت بل کو عدالتوں، ایوانوں اور ایڈمنسٹریشن میں اور ذرائع ابلاغ کے اداروں میں ہم جب تک نہیں پہنچائیں گے تو اس ملک میں حاکمیت اعلیٰ صرف تبرک کے لئے تو ایک بات ہوگی لیکن عملاً کوئی حیثیت نہیں ہوگی۔ اور نہ ہم اس کو مسترد کر دینے کے بعد اسلام کا نام لینے کا حق رکھتے ہیں۔ نہ ہم اسلام کا نام الیکشنوں میں لے سکیں گے اور جس طرح ہم چالیس سال سے کر رہے ہیں نہ ہم اسلام کا نام سیاست کے لئے، نیابت کے لئے اور قوم کی ترجمانی کے لئے استعمال کر سکیں گے۔ اس سے اس حکومت پر، اس ملک پر مہر لگ جائے گی کہ یہاں ویسے نام کے لئے اسلام لایا گیا ہے۔

تو خدارا! ملک کو اس فضیحت سے بچایئے اور یہ ایوان ایسے کوئی اقدامات نہ کرے اس کو ایسی ترامیم کے ذریعے مجروح نہ کیجئے جو اس بل کی روح کو ختم کر دے یہ ایوان ایسا نہ کرے جو اس بل کی روح کو ختم کر دے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**سرکاری ترامیم شریعت بل کو ڈائنا میٹ کرنے کے مترادف ہیں**

آج ہمارے سامنے ترامیم کا ایک مسودہ رکھا گیا ہے مجھے پڑھ کر انتہائی دکھ ہوا اور میں نے دیکھ لیا کہ حکومت کے عزائم کیا ہیں ان ترامیم کے ذریعہ انہوں نے اس شریعت بل کی ایک ایک دفعہ کو ڈائنا میٹ کر دینے کی کوشش کی ہے۔ حکومت یہ نہ سمجھے کہ وہ یہ ترامیم پاس کرائے گی اور قوم کو یہ کہا جائے گا کہ شریعت بل پاس ہو گیا ہے۔ قوم بھی بڑی ہوشیار ہے وہ بڑی آہنی آنکھیں رکھتی ہے وہ سارا پوسٹ مارٹم کرے گی۔ ان ترامیم کا بھی اور اس بل کا بھی۔ اور انشاءاللہ جب تک ہم قوم کو نہیں کہیں گے کہ یہ شریعت بل، شریعت بل ہے تو آپ ہزار ترامیم اور مسودے پاس کرائیں قوم آپ کی نہیں مانے گی ہماری مانے گی۔

**ہر شہری ہر طبقہ کے حقوق کی حفاظت**

پھر میں دوسرا یہ دعویٰ کرتا ہوں کہ اس شریعت بل سے ملک کے کسی طبقہ کسی شہری کے حقوق پر قطعاً کوئی زد نہیں پڑتی سب کو حقوق مل جائیں گے۔ اور مفاد پرست افراد جو جونک کی طرح معاشرے کو چوس رہے ہیں بلیک میلنگ کر رہے ہیں ان کے تمام راستے اس بل سے بند ہو جائیں گے۔ اس طرح میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ غیر مسلم اقلیت کو اس بل کے ذریعے ایک بے مثال تحفظ مل جائے گا ان کو تمام حقوق مل جائیں گے۔ ابتدا میں کچھ مشکلات ہوتی ہیں ہم جب ایک عبوری دور سے گزریں گے تو کچھ مشکلات سامنے آئیں گی لیکن اللہ تعالیٰ ان کو آسان کر دے گا۔

**نظام کی تبدیلی سے وقتی دشواریاں برداشت کرنی ہوں گی**

اور جب پوری قوم چاہتی ہے اور آپ بھی چاہیں گے تو آپ دیکھیں گے کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمتوں کے دروازے کیسے کھولتا ہے اور وہ مشکلات آسان کر دیتا ہے۔ اگر کچھ دشواریاں ہیں تو وہ اس نظام کی وجہ سے ہیں جو ڈیڑھ سو برس سے ہم پر مسلط ہے۔ اب جب اس نظام کا جوا اتار دیں گے تو کچھ مشکلات تو سامنے آئیں گی نا۔

ایک شرابی جو ہر وقت شراب پینے کا عادی ہے جب آپ اس سے شراب چھڑائیں گے تو اسے تکلیف ہوگی وہ تڑپے گا لیکن یہ بات تو نہیں کہ شراب بڑی اچھی چیز تھی اور اسے بڑی اچھی سے محروم کر دیا گیا ہے۔ اس لئے وہ تڑپتا ہے۔ نہیں۔ شراب بذاتِ خود ایک خراب چیز تھی۔ لیکن اس کی عادت اتنی بڑھ چکی تھی اور اس کے جسم و جان میں اتنی سرایت کر چکی تھی کہ جب اس غلط چیز کو اس سے چھڑائیں گے تو اس کو کچھ دن تو تکلیف ہوگی اور جب اس کی یہ عادت چلی جائے گی تو پھر وہ دعائیں دے گا وہ شکر کرے گا کہ یا اللہ میں تو بہت بڑی مصیبت سے چھوٹ گیا۔ یہ انگریزی نظام ہماری جڑوں میں شراب اور ہیروئن کی طرح سرایت کر گیا ہے۔ اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے کچھ دن تک تکالیف، کچھ مشکلات، کچھ دشواریاں برداشت کرنی پڑیں گی ایسا تو نہیں ہے کہیں کہ ع

آئینِ نو سے ڈرنا طرزِ کہن پہ اڑنا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



والی بات ہوجائے گی کہ ع

منزل یہی کٹھن ہے قوموں کی زندگی میں

تو اس کٹھن منزل کو ہمیں عبور کرنا ہوگی۔ پھر اللہ تعالیٰ کی نعمتیں اور رحمتیں ہمارے ساتھ ہوں گی۔

## دنیا کیلئے مثالی انقلاب مثالی نمونہ

اور یہ معاشرہ ایک مثالی اور اسلامی بن جائے گا۔ یہ معاشرہ اگر اسلامی بن گیا ایک نمونہ بن گیا تو آپ دیکھیں گے کہ یہ ملک، معاشرہ اور اس کا انقلابی عمل پوری دنیا میں انقلاب کا ذریعہ بنے گا۔ اس کے اثرات مشرق و مغرب میں پڑیں گے آپکے سیکولرازم والے سیکولرازم سے دستبردار ہوجائیں گے۔ آپ کا روس اور چین سوشلزم کو دور پھینک دے گا اصل راحت تو اس نظام میں ہے۔ آپ کا امریکہ اسے محسوس کرے گا تو انسانی حقوق تو وہاں محفوظ ہیں۔ خوشحالی، آسائش اور عدل و انصاف تو وہاں ہے۔ اس کے انقلابی اثرات پوری دنیا پر مرتب ہوں گے۔ اگر یہ امامت و قیادت پاکستان کو نصیب ہوئی تو یہ اس کی بہت بڑی سرخروئی اور خوش قسمتی ہوگی۔

اللہ تعالیٰ ہمیں جلد از جلد اس منزل پہ پہنچنے کی توفیق دے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین شکریہ!

وضو قائم رکھنے کے لئے جوتے پہننا بہت ضروری ہے ہر مسلمان کی کوشش ہونی چاہیئے کہ اس کا وضو قائم رہے۔

سروس انڈسٹریز

پائیدار۔ دلکش۔ موزوں اور واجبی نرخ پر جوتے بناتی ہے

Servis

سروس شوز

قدم قدم حسین قدم قدم آرام

© rasailojaraid.com